http://e.tashakurnews.com
info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews
twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال · ABC Certified · باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 24 | 10 جمادی الاول 1448ھ جمعرات 22 اکتوبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 119



پاکستان اور مالدیپ کے درمیان 20 ایم او یو سائن، تجارت 1.34 لاکھ ڈالر سے 20 کروڑ ڈالر تک لانے پر اتفاق

بھارت نے پاکستان کا پانی روکا تو اسے جنگی اقدام تصور کیا جائے گا، وزیراعظم

شہباز شریف کی مالدیپ کے صدر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس، وفود کی سطح پر مذاکرات، 20 مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ، تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور مالدیپ کے درمیان 20 ایم او یو سائن ہوگئے، تجارت 1.34 لاکھ ڈالر سے 20 کروڑ ڈالر تک لانے پر اتفاق ہوا، وزیراعظم نے مالدیپ کو ایک لاکھ زیتون کے پودے اور ایک لاکھ بیج فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پانی پاکستان کی ریڈ لائن ہے، بھارت نے پانی روکا تو اسے جنگی اقدام تصور کیا جائے گا، پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دیں گے۔ یہ بات انہوں نے مالدیپ کے صدر کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

ریئر ایڈمرل خیبر زمان نے کمانڈر پاکستان فلیٹ کی کمان سنبھالی

کراچی (رپورٹ حمزہ منصور) ریئر ایڈمرل خیبر زمان نے فلیٹ ہیڈکوارٹرز، کراچی میں منعقدہ تبدیلی کمان کی تقریب کے دوران کمانڈر پاکستان فلیٹ کی کمان سنبھال لی۔ ریئر ایڈمرل خیبر زمان ایئر وار کالج، کراچی، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد اور نیول پوسٹ گریجویٹ کالج، امریکہ کے فارغ التحصیل ہیں۔ ایڈمرل کو اپنے شاندار بحری کیریئر کے دوران مختلف کمانڈ اور اسٹاف عہدوں پر خدمات انجام دینے کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

ایس سی او وزرائے ثقافت اجلاس، بھارت کی جانب سے پاکستان کو دعوت نامہ موصول

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے ثقافت کا اجلاس 20 اور 21 نومبر کو نئی دہلی میں ہوگا۔ بھارت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

دفاعی میدان میں بڑی پیشرفت: علاقائی امن و استحکام کیلئے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی ہے، خواجہ آصف

بدرِ مفاہمتی یادداشت: پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا متحد

ٹیکنالوجی کا تبادلہ، مشترکہ ترقی اور مقامی پیداواری صلاحیتوں کو مضبوط بنانا پائیدار دفاعی صنعت کے بنیادی عناصر ہیں، یہ شراکت داری محض تیار فوجی ساز و سامان کی خریداری تک محدود نہیں رہے گی بلکہ متعلقہ ممالک کی افرادی قوت اور صنعتی ڈھانچے کی ترقی میں بھی معاون ثابت ہوگی، ترک وزارت دفاع

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا نے دفاعی تعاون بڑھانے اور اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کردیے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس تاریخی معاہدے بدر مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب قطر کے دارالحکومت دوحہ میں منعقد ہوئی۔ اس مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف، ترکیہ کے وزیر قومی دفاع یاشار گولر، قطر کے نائب وزیراعظم اور وزیر مملکت برائے دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمٰن بن حسن الثانی اور انڈونیشیا کے نائب وزیر دفاع یوسف جوہری نے دستخط کیے۔ ترک وزارت دفاع کی جانب سے جاری بیان میں چاروں ممالک کے درمیان دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ ترک وزارت دفاع نے اپنے بیان میں بتایا کہ بدر مفاہمتی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

دوحہ: بدر مفاہمتی یادداشت پر دستخطی تقریب کے موقع پر خواجہ آصف کا دیگر وزراء دفاع کے ہمراہ گروپ فوٹو

سہیل آفریدی آج بھی وزیراعلیٰ، وسوسہ پھیلانے والے سانپوں کو شکست ہوگی، سلمان اکرم راجہ

پی ٹی آئی میں دراڑیں: سینئر رہنماؤں کے ایک دوسرے پر الزامات اور دھمکیاں

پارٹی کسی کے باپ کی نہیں، یہاں فیصلے بانی چیئرمین نے کرنے ہیں، بانی کا ہر حکم پہلے بھی من و عن مانا گیا ہے اور آئندہ بھی مانا جائے گا، علی امین گنڈاپور کا لیک آڈیو پیغام

کہا جا رہا ہے کہ اسی گروپ نے آخری دنوں میں سہیل آفریدی اور ٹیم سے رابطہ منقطع کیا تھا، اسی گروپ نے سرکاری جبر، ایمرجنسی اور گورنر راج کی راہ ہموار کی، سلمان اکرم راجہ

پشاور، اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی میں دراڑیں ظاہر ہونا شروع ہوگئیں، پارٹی کے سینئر رہنما ایک دوسرے پر سنگین الزامات لگانے کے ساتھ دھمکیاں دینے پر اتر آئے۔ پاکستان تحریک انصاف میں سلمان اکرم راجہ کی سوشل میڈیا پوسٹ کے بعد اختلافات سامنے آگئے، سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور اور ارکان اسمبلی نے ان کے مقف پر سخت تنقید کی ہے۔ اٹلسٹقتے دیکھیں سلمان اکرم راجہ نے اپنی پوسٹ میں کسی سازشی بیانیے پر یقین نہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جنید اکبر کے بعد علی اصغر قائم مقام صوبائی صدر ہیں۔ انہوں نے وسوسے پھیلانے والوں کو سانپ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف مالدیپ کے صدر کے ہمراہ معاہدوں پر دستخطی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پورے کراچی میں تعلیم کارڈ جاری کریں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی اور سندھ میں تعلیمی نظام کی صورت حال تشویش ناک ہے، ریاست کی ذمہ داری ہے کہ مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرے،

کراچی اور سندھ کا تعلیمی نظام تشویش ناک ہے، پنجاب کے سرکاری اسکولوں کے نتائج بھی خراب آئے ہیں، امیر جماعت اسلامی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اپنی تحریک کا تیسرا مرحلہ شروع کر رہی ہے، جمعے کو 150 شہروں میں پیٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاج کیا جائے گا، جبکہ پورے کراچی میں تعلیم کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

وفاقی حکومت کا پیٹرول کی قیمت میں کمی کا اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں کمی جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں معمولی اضافہ کردیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)



افغان سرزمین منشیات اسمگلنگ اور دہشتگرد نیٹ ورکس کی آماجگاہ

میتھامفیٹامائن اور کرسٹل ڈرگز کی پیداوار سنگین تشویش کا باعث

افغانستان کی سرزمین منشیات کی اسمگلنگ اور دہشتگرد نیٹ ورکس کی آماجگاہ بن چکی ہے، جہاں منشیات اور دہشتگردی ایک دوسرے کو تقویت دے رہی ہیں۔ افغان جریدے ہشت صبح کے مطابق ناجائز طالبان رجیم میں افغانستان ایک نارکو ٹیررسٹ اسٹیٹ بن چکا ہے، جہاں منشیات کی بلا روک ٹوک صنعتی پیداوار اور اسمگلنگ سے مالی وسائل حاصل ہو رہے ہیں۔

افغانستان میں قدرتی منشیات کے ساتھ ساتھ میتھامفیٹامائن اور کرسٹل ڈرگز کی پیداوار اور پھیلاؤ بھی سنگین تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔ یہ جدید قسم کی منشیات نہ صرف خطے بلکہ عالمی سطح پر نوجوان نسل کو تباہ کر رہی ہیں۔ سیکیورٹی ماہرین اور بین الاقوامی اداروں کے مطابق عالمی منڈیوں میں زہر بیچنے والا یہ دہشتگرد ٹولہ انسانیت کی تباہی کا سودا کر رہا ہے۔ منشیات کی فروخت سے حاصل ہونے والے مالی وسائل دہشتگردی کی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں استعمال کیے جا رہے ہیں، جس سے خطے میں عدم استحکام میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔

ماہرین کے مطابق افغانستان میں منشیات کی بڑھتی ہوئی پیداوار اور اسمگلنگ کے خلاف عالمی برادری کو مؤثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اگر اس معاملے کو سنجیدگی سے نہ لیا گیا تو یہ نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لیے سنگین خطرہ بن سکتا ہے۔ پاکستان نے افغانستان سے آنے والی منشیات کی اسمگلنگ کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے ہیں اور اپنی سرحدوں کی حفاظت کو یقینی بنایا ہے۔ تاہم افغان سرزمین پر منشیات کی بلا روک ٹوک پیداوار اور اسمگلنگ کا سلسلہ جاری رہنے سے پاکستان کو بھی خطرات لاحق ہیں۔ عالمی برادری کو افغان طالبان حکومت پر دباؤ ڈالنا چاہیے کہ وہ منشیات کی پیداوار اور اسمگلنگ کے خلاف مؤثر کارروائی کرے۔

اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیرقانونی ہیں، کارروائی کر رہے ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیرقانونی ہیں، جن کے خلاف کام کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

مارکو روبیو نے پاکستان امریکا تعلقات پر بھارت کے اعتراضات مسترد کردیئے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے پاکستان امریکا تعلقات پر بھارت کے اعتراضات مسترد کردیے۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو میں امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان جوہری طاقت اور جغرافیائی اہمیت کا حامل ملک ہے، اس لیے پاکستان سے تعلقات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

مصر یا کوئی اور ملک یمن جنگ میں کودا تو جنگ بہت دور تک پھیل جائے گی، ایران

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے خبردار کیا ہے کہ یمن کی جنگ میں مصر یا کسی دوسرے ملک کی فوجی مداخلت سے تنازع مزید پیچیدہ ہوجائے گا۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ مصر کو اس پیچیدہ جنگ میں الجھنے سے گریز کرنا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



امریکا کا مشرق وسطی میں مزید جنگی بحری جہاز اور ہزاروں فوجی تعینات کرنے کا فیصلہ

امریکا دھمکیاں بھی دے اور مذاکرات بھی چاہے، یہ قابل قبول نہیں: ایرانی صدر

کسی معاہدے میں جلد بازی سے داخل نہیں ہونا چاہیے، لیکن جب ایک مرتبہ معاہدہ طے پا جائے تو اس پر آخر تک قائم رہنا ضروری ہے، مسعود پزشکیان

امریکی طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس تھیوڈور روزویلٹ اور بحری فوجیوں پر مشتمل یو ایس ایس میکن آئی لینڈ گروپ خطے میں تعینات کیا جا رہا ہے، خلیج ٹائمز

تہران، نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا ایران کی ناکہ بندی اور دھمکیاں جاری رکھتے ہوئے بیک وقت مذاکرات کی توقع نہیں کرسکتا۔ ان کے مطابق تمام راستے بند کرکے اور دھمکی آمیز رویہ اختیار کرکے ایران کو بات چیت پر آمادہ کرنے کی کوشش قابلِ قبول نہیں۔ الجزیرہ کے مطابق ایرانی صدر نے اپنے بیان میں کہا کہ امریکا ایک طرف ایران پر دباؤ ڈال رہا ہے اور دوسری جانب مذاکرات کا مطالبہ بھی کر رہا ہے، جو متضاد طرزِ عمل ہے۔ پزشکیان نے معاہدوں کی پاسداری پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کسی معاہدے میں جلد بازی سے داخل نہیں ہونا چاہیے، لیکن جب ایک مرتبہ معاہدہ طے پا جائے تو اس پر آخر تک قائم رہنا ضروری ہے، خواہ اس سے کسی فریق کو نقصان ہی کیوں نہ ہو۔ ایرانی صدر کا یہ بیان تہران اور واشنگٹن کے درمیان جاری کشیدگی اور سفارتی رابطوں کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ ان کے مقف سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایران مذاکرات کے لیے دباؤ اور دھمکیوں کے بجائے باہمی اعتماد اور معاہدوں کی پابندی کو ضروری سمجھتا ہے۔ ایرانی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

علی امین گنڈاپور دوست نہیں، غلطی سے رشتہ دار ہیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ علی امین گنڈاپور دوست نہیں، غلطی سے رشتہ دار ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس کی تمام ضروریات پوری کی جائیں گی۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ 13 سال کا حساب 11 دن میں نہیں ہوسکتا، تجاوزات کے خلاف کارروائی میں کوئی نرمی نہیں برتی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

ساحل پر ویڈیو بنانے میں مصروف جوڑے کی مبینہ غفلت، کمسن بچی لہروں میں پھنس گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو میں ساحل سمندر پر ویڈیو بنانے میں مصروف ایک جوڑے کے ساتھ موجود کمسن بچی سمندری لہروں کی زد میں آتی دکھائی دے رہی ہے، تاہم ایک راہگیر نے بروقت مداخلت کرکے بچی کو لہروں سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

بھارتی دفاعی کمپنی میں کرپشن کے انکشافات، 2000 کروڑ کے فوجی معاہدے مشکوک

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی دفاعی کمپنیوں میں بدعنوانی کے انکشافات نے فوجی معاہدوں پر سوالات اٹھا دیے ہیں، جبکہ مودی حکومت کی کارکردگی اور ادارہ جاتی کمزوریوں کو بھی شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ بھارتی جریدے دی اکنامک ٹائمز کے مطابق ایک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

19ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ کا آغاز

موثر انتظامی نظام کے لیے پولیس کو بھی مقامی سطح پر منظم کرنا ہوگا، انہوں نے گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں پولیس کے عوام کے ساتھ رویے کا حوالہ بھی دیا، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں انتظامی تنظیمِ نو اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قومی مباحثے میں حکومتی و اپوزیشن رہنماؤں، پالیسی ماہرین اور سینئر صحافیوں نے شرکت کی۔ مباحثے میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی پر زور دیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

شاہین فورس اسٹریٹ کرائم کے خلاف کراچی پولیس کی فرنٹ لائن فورس ہے، کراچی پولیس چیف

کراچی (رپورٹ عامر صابر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے کہا ہے کہ شاہین فورس اسٹریٹ کرائم کے خلاف کراچی پولیس کی فرنٹ لائن فورس ہے، اس کے اہلکار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

میرعلی رضا کیس: کمیشن رپورٹ پر عمل درآمد کے لیے ذیلی کمیٹی کا اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میر رضا علی کی ہلاکت سے متعلق کمیشن کی رپورٹ پر عمل درآمد کے لیے بنائی گئی ذیلی کمیٹی کا اجلاس وزیر داخلہ، قانون و پارلیمانی امور سید ضیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

فرانس میں پرتشدد احتجاج بے قابو، فوج تعینات کرنے کا فیصلہ

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) فرانس میں پرتشدد مظاہروں، لوٹ مار اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

راشد منہاس روڈ پر شہری کی گاڑی کی ٹکر سے مبینہ ڈاکو ہلاک، دوسرا زخمی

سینٹرم شاپنگ مال کے قریب شہری سے پرس چھین کر فرار ہونے والے ملزمان کا تعاقب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) راشد منہاس روڈ پر یو بی ایل کمپلیکس کے قریب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

تکنیکی وجوہات، کراچی سے روانہ ہونے والی 10 پروازیں منسوخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تکنیکی وجوہات کے باعث کراچی کے جناح (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

میر رضا کیس پولیس کیلئے سبق، تحقیقات میں عجلت کے بجائے احتیاط برتی جائے: شرجیل میمن

سندھ کابینہ کے فیصلے کے تحت میر رضا کیس میں جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا گیا تھا، جوڈیشل کمیشن کی سفارشات پر عمل درآمد ہوگا، کوتاہی کے مرتکب افراد کو سزا ملے گی، کسی ایک کی غلطی پورے محکمے کو منسوب کرنا زیادتی ہے، سینئر وزیر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ میر رضا کیس پولیس کے لیے سبق ہے اور جس کی سفارشات پر عمل درآمد ہوگا ... کسی ایک کی غلطی قرار دینا زیادتی ہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ فشریز میں سیکورٹی صورتحال کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کراچی فش ہاربر میں سیکورٹی سخت، داخلے کیلئے رجسٹریشن اور شناختی کارڈ لازمی قرار دینے کا فیصلہ

فش ہاربر میں داخل ہونے والے تمام افراد کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے، رجسٹریشن قوانین پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور بار بار استعمال کرنے والوں کے لیے ریڈیو فریکوینسی شناختی نظام پر مبنی کارڈ متعارف کرائے جائیں، سید مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کراچی فش ہاربر میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے، سیکورٹی اور انتظامی نظام جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے وہاں والے تمام افراد کی لازمی رجسٹریشن، شناخت کی تصدیق اور پولیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

پورٹ قاسم کی کیمیکل کمپنی میں بوائلر پھٹنے سے مزدور جاں بحق، ایک زخمی

ابراہیم حیدری میں گیس کا چولہا پھٹنے سے میاں بیوی جھلس گئے، دونوں کو سول اسپتال منتقل کردیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پورٹ قاسم کے قریب کیمیکل کمپنی میں بوائلر پھٹنے سے ایک مزدور جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی ہوگیا، جبکہ ابراہیم حیدری کے علاقے میں گھر میں گیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

سعید آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کی چھت کا پلستر گرنے سے 2 خواتین اہلکار زخمی

بیرک کے کمرے نمبر 33 میں حادثہ، زخمی اہلکاروں کو نجی اسپتال میں طبی امداد کے بعد واپس بھیج دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سعید آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کی بیرک کے ایک کمرے کی چھت کا پلستر گرنے سے دو خواتین پولیس اہلکار زخمی ہوگئیں، جنہیں طبی امداد کے لیے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی: اسٹیل مل سے لوہا چوری کرنیوالے 3 ملزمان گرفتار

بن قاسم پولیس کی کارروائی، 40 کلوگرام لوہے کی پلیٹیں اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بن قاسم پولیس نے پاکستان اسٹیل مل سے لوہے کی پلیٹیں چوری کرنے کے الزام میں تین ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 40 کلوگرام لوہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی میں ہندو برادری کا مذہبی تہوار نوراتری اختتام پذیر، دسہرہ منایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر میں ہندو برادری کا مذہبی تہوار نوراتری نوراتوں کی عبادات اور پوجا پاٹ کے بعد دسویں روز وجے دشمی اور دسہرہ کے تہوار کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ اس موقع پر ہندو برادری نے مذہبی عقیدت واحترام کے ساتھ ماتا درگا کی پوجا کی، جبکہ مختلف مندروں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

کراچی میں پولیس مقابلے، 7 زخمیوں سمیت 12 ملزمان گرفتار

شرافی گوٹھ، نارتھ ناظم آباد، بلوچ کالونی اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان مقابلوں اور کارروائیوں کے دوران 7 زخمیوں سمیت 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کراچی، اہلیہ پر تیزاب گردی کے مقدمے میں ملزم شوہر کی ضمانت منظور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت وسطی نے لیاقت آباد میں اہلیہ پر تیزاب گردی کے مقدمے میں مبینہ سہولت کار ملزم شوہر کی درخواست ضمانت منظور کرلی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج وسطی کی عدالت کے روبرو لیاقت آباد میں اہلیہ پر تیزاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

ناگن چورنگی پر 2 ڈاکو شہریوں کے ہتھے چڑھ گئے، تشدد کے بعد پولیس کے حوالے

گرفتار ملزمان کے قبضے سے شہری سے چھینے جانیوالا پرس، موبائل فون اور اسلحہ برآمد

گرفتار ملزمان کا سابقہ ریکارڈ چیک کیا جارہا ہے، ایس ایچ او

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ناگن چورنگی صدیق اکبر مسجد کے قریب 2 (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

کراچی، پرس چھین کر فرار ہونے والے 2 مبینہ ڈاکو شہری کی گاڑی کی ٹکر سے زخمی

راشد منہاس روڈ پر تعاقب کے دوران یو بی ایل کمپلیکس کے قریب واقعہ،

ملزمان سے اسلحہ اور چھینا گیا پرس برآمد، پولیس نے تحویل میں لے لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) راشد منہاس روڈ پر سینٹرم شاپنگ مال کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

ریاض ایئرپورٹ کی بندش، سعودی قومی ایئرلائن کا پاکستان کیلئے اضافی پروازوں کا اعلان

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) ریاض ایئرپورٹ کی بندش کے بعد سعودی قومی ایئرلائن نے پاکستان کیلئے اضافی پروازوں کا اعلان کردیا۔ جدہ میں موجود پاکستانی قونصل جنرل سید مصطفیٰ ربانی کا کہنا ہے کہ آج اور کل لاہور، اسلام آباد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

روس نے میری درخواست پر یوکرین میں لڑنیوالے امریکی شہری کو رہا کردیا، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ روس نے یوکرین کی طرف سے لڑنے والے امریکی شہری کو رہا کر دیا۔ اپنے بیان میں امریکی صدر کا کہنا ہے کہ اسٹیفن ہوبارڈ کو پیوٹن سے ٹیلیفونک گفتگو میں براہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

اسلام آباد: وفاقی وزراء محسن نقوی اور طلال چوہدری مرحومہ لائبہ کے اہل خانہ سے تعزیت کررہے ہیں

پبلک سروس کمیشن میں عمر کی حد اور مواقع بڑھانے کی منظوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کابینہ نے سندھ پبلک سروس کمیشن میں عمر کی حد اور مواقع بڑھانے سمیت دیگر اصلاحات کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

ٹھٹھہ میں موبائل فون نہ دلانے پر 14 سالہ بیٹے کے ہاتھوں باپ قتل

ٹھٹھہ (اسٹاف رپورٹر) ٹھٹھہ میں موبائل فون خرید کر نہ دینے پر 14 سالہ بیٹے نے مبینہ طور پر قینچی کے وار کرکے اپنے 58 سالہ باپ کو قتل کردیا اور فرار ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گھر میں موبائل فون دلانے کے معاملے پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کراچی میں رکشہ گینگ کے 3 ملزمان گرفتار، ایک زخمی

تین غیر قانونی پستول، موبائل فونز، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا رکشہ برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسٹ پولیس نے بلوچ پل کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد گوپانگ رکشہ گینگ کے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن میں ایک ملزم زخمی حالت میں پکڑا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

کورنگی میں اسٹریٹ کرائم میں ملوث دو سگے بھائی گرفتار، تیسرا ساتھی فرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) زمان ٹاؤن پولیس نے کورنگی ساڑھے تین نمبر پر اسٹریٹ کرائم کی وارادات میں ملوث دو سگے بھائیوں کو گرفتار کرلیا، جبکہ ان کا تیسرا ساتھی تاحال فرار ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے چند روز قبل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

ڈاؤ یونیورسٹی کے 27 ملازمین کی ڈگریاں جعلی ثابت، تنخواہیں واپس لینے کا حکم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے 27 ملازمین کو تعلیمی ڈگریاں جعلی ثابت ہونے پر ملازمت سے برطرف کردیا گیا جبکہ تمام تنخواہیں بھی واپس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

کراچی: صوبائی وزراء ضیاء الحسن لنجار، سعید غنی ودیگر میر رضا کیس کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہیں

19ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ کا آغاز

پیٹرن پاکستان نیوی گالف (نارتھ) ریئر ایڈمرل احمد حسین نے ایونٹ کی نمایاں خصوصیات پر روشنی ڈالی اور مختلف کیٹیگریز میں مقابلوں کے طریقہ کار اور شرکا کی تفصیلات سے آگاہ کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 19ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ 2026 کی میڈیا بریف اور افتتاحی تقریب مارگلہ گرینز گالف کلب اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے ساتھ ہی قومی گالف کیلنڈر کے ایک اہم اور ممتاز ایونٹ کا باضابطہ آغاز ہوگیا۔ میڈیا بریفنگ کے دوران پیٹرن پاکستان نیوی گالف (نارتھ) ریئر ایڈمرل احمد حسین نے ایونٹ کی نمایاں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ کے ڈی اے کی گورننگ باڈی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

میر رضا کیس، والد کا احتجاج جاری رکھنے کا اعلان

جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ میں جے آئی ٹی بنانے کی سفارش، میر حسین کا پولیس افسران کی غفلت کی تحقیقات کا بھی مطالبہ

امید ہے کہ وزیراعلیٰ سندھ اور ان کی قائم کردہ چار رکنی کابینہ کمیٹی اس معاملے پر جلد مؤثر کارروائی کریں گے، والد میر حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میر رضا کیس میں جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ سامنے آنے کے بعد مقتول کے والد میر حسین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

حج و عمرہ زائرین کی ویکسین مہنگے داموں خریدنے کا الزام، 3 افسران گرفتار

ایف آئی اے کی کراچی میں کارروائی، گرفتار ملزمان کو اسلام آباد منتقل کیا جارہا ہے، وزیراعظم نے معاملے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی بھی قائم کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حج و عمرہ زائرین کے لیے ویکسین کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے پر وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کراچی میں کارروائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر پاکستان کو مقدم رکھنا ہوگا: ناصر حسین شاہ

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے حق میں نہیں، غیر معمولی حالات میں اقدامات پر غور کرنا پڑا، کراچی کو وفاقی ترقیاتی پروگرام میں جائز حصہ نہیں مل رہا، میر رضا کیس کی رپورٹ کا جائزہ لے کر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہوگی، وزیر بلدیات سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات، ہاؤسنگ و ٹاؤن پلاننگ سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان، عوام اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

ایل پی جی مافیا نے 5 روز میں عوام کو 1 ارب 40 کروڑ روپے سے زائد کا ٹیکا لگا دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے عوام دنیا کی مہنگی ترین ایل پی جی خریدنے پر مجبور جبکہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی سمیت تمام ادارے کی موجودگی میں مافیا نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

مرکزی تنظیم تاجران کا ایس ایس پی میرپورخاص سے ملاقات، پولیس کارروائیوں پر اظہارِ اطمینان

میرپورخاص (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران کے وفد نے چیئرمین حاجی عثمان قریشی اور صدر کامران میمن کی قیادت میں ایس ایس پی آفس میں ایس ایس پی میرپورخاص ساجد امیر سدوزئی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے شہر میں ٹریفک پولیس اہلکاروں کی کمی، بازاروں میں پولیس پیٹرولنگ اور خواتین کے بازاروں میں لیڈیز پولیس کی تعیناتی پر توجہ دلائی۔

ایس پی ایس سی انٹرویوز میں ناکام 28 امیدواروں کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

سندھ ہائیکورٹ کا استفسار، تحریری امتحان کے نتائج سے متعلق معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں زیر سماعت ہونے کے باوجود انٹرویوز کیسے ہوئے؟

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے سندھ پبلک سروس کمیشن (ایس پی ایس سی) کے انٹرویوز میں ناکام قرار دیے جانے والے 28 امیدواروں کی درخواست (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

میٹر ریڈر پر فائرنگ کرنے والا ملزم پولیس مقابلے میں زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محمود آباد پولیس نے ٹی پی ٹو کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد بجلی فراہم کرنے والی کمپنی کے میٹر ریڈر پر فائرنگ کرکے اسے زخمی کرنے کے الزام میں ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ ایسٹ پولیس کے ترجمان کے مطابق پولیس کو مسلح ملزمان کی موجودگی کی اطلاع ملی۔ جوابی فائرنگ کے تبادلے میں ملزم ربی رفائیل ولد روبن زخمی ہوگیا۔

کراچی، اسکیم 33 میں 8 ایکڑ اراضی واگزار نہ ہوسکی، پولیس اور مختیار کار پر عدم تعاون کا الزام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملیر کی سیشن عدالت میں اسکیم 33 میں 8 ایکڑ متنازع اراضی پر دوبارہ قبضے اور تعمیرات سے متعلق درخواست پر ناظر کورٹ نے رپورٹ جمع کرا دی، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

ڈی آئی جی میرپورخاص فیصل عبداللہ چاچڑ کی زیر صدارت کرائم میٹنگ

غیر قانونی افغان شہریوں کے خلاف قانون کے مطابق جاری کارروائیوں کا بھی جائزہ اور متعلقہ افسران کو حکومتی پالیسی پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

میرپورخاص (رپورٹ محمد ایوب یوسفزئی) ڈی آئی جی پی میرپورخاص رینج کیپٹن (ر) فیصل عبداللہ چاچڑ کی زیرِ صدارت ڈی آئی جی پی آفس میرپورخاص میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

سانحہ 12 مئی کے 3 مقدمات، ایم کیو ایم کے 3 کارکن بری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سانحہ 12 مئی سے متعلق تین مقدمات کا فیصلہ سناتے ہوئے ایم کیو ایم کے تین کارکنوں عمیر صدیقی، رئیس الدین عرف رئیس مما اور مرزا نسیم الدین عرف رضوان چپاتی کو بری کردیا۔ جیل حکام نے سابق سیکٹر انچارج رئیس مما اور مرزا نسیم بیگ عرف رضوان چپاتی کو عدالت میں پیش کیا۔ ملزمان کی جانب سے وکلا نواز خان اور مشتاق احمد پیش ہوئے۔

بے نامی اکاؤنٹس کے ذریعے خورد برد کیس، ضمیر عباسی کی درخواست پر فریقین کو نوٹس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے بے نامی اکاؤنٹس کے ذریعے خورد برد کے مقدمے میں سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر عباسی کی درخواست پر تفتیشی افسر اور سرکاری وکیل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے فریقین سے 2 نومبر تک جواب طلب کرلیا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ضمیر عباسی کو ایک مقدمے میں ضمانت ملنے کے بعد دوسرے مقدمے میں گرفتار کرلیا گیا۔

روشم خان قتل کیس، تفتیشی ٹیم تبدیل کرنے کی درخواست منظور

ایڈیشنل آئی جی کراچی کو ڈی ایس پی رینک کا افسر تفتیشی مقرر کرنے کا حکم،

فرانزک معائنے اور ملزمان کی رہائی سے متعلق امور پر بھی سوالات اٹھائے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل سیشن جج غربی کی عدالت نے نوجوان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

والدہ کا شناختی کارڈ نہ ہونے پر بچے کا ب فارم کیسے بنے گا؟ نادرا کی وضاحت

شناختی کارڈ پہلے جاری ہوچکا ہو تو نمبر یا بائیومیٹرک تصدیق کافی ہوسکتی ہے، ترجمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

"ریاست کا موڈ کیا ہے"، پولیس مقابلے میں ملتان واقعے کے ملزم کی ہلاکت پر تبصرے

ایک ہی رات میں پیش آنے والے دو واقعات نے عدالتی اور پولیس کی تفتیش کے نظام پر سوالات کھڑے کردیے ہیں، صحافی زاہد گشکوری

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) ملتان میں 15 سالہ یتیم لڑکے کو گاڑی سے کچلنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

اقرار الحسن کی درخواست ضمانت پر سماعت، تفتیشی افسر کی عدم حاضری پر کارروائی مؤخر

ملزم نے نہ کسی دہشت گردی کو فروغ دیا اور نہ ہی کسی کالعدم تنظیم کی تعریف یا تشہیر کی، بلکہ صرف گورنر راج کے معاملے پر بات کی، بیرسٹر میاں علی اشفاق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سٹی کورٹ میں ریاست مخالف مواد سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے کے مقدمے میں عوام راج پارٹی کے سربراہ اقرار الحسن کی درخواست ضمانت پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی آزاد احمد خان ملیر پولیس ہیڈکوارٹر میں شاہین پولیس کے اہلکاروں سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد: 19ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ کی افتتاحی تقریب سے پیٹرن پاکستان نیوی گالف (نارتھ) ریئر ایڈمرل احمد حسین ودیگر خطاب کررہے ہیں

چیف ایڈیٹر علی منصور

روزنامہ
تشکر نیوز
کراچی

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریویڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

مرتضیٰ وہاب سے جاپان کے قونصل جنرل کی ملاقات، حب کینال پر پمپنگ اسٹیشن کی تنصیب پر تبادلہ خیال

چوکنڈی قبرستان کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے میوزیم کو فعال کیا جا رہا ہے
میئر کراچی

تاریخی نمونے اور دستاویزی فلموں کے ذریعے بلوچ قبرستان چوکنڈی کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب

کراچی (رپورٹ فرازحسین) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سے جاپان کے قونصل جنرل ہتوری مسارو نے ملاقات کی، جس میں حب کینال پر پمپنگ اسٹیشن کی تنصیب کے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میئر کراچی نے جاپانی وفد کا بلدیہ عظمیٰ کراچی آمد پر خیرمقدم کیا اور کہا کہ جاپان پاکستان کے اہم شراکت داروں اور بہترین دوستوں میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاپان کی جانب سے کراچی، بالخصوص سندھ میں ترقیاتی منصوبوں اور بحالی کے لیے تعاون قابل تحسین ہے، اور حب کینال کے حوالے سے تعاون پر جاپانی حکومت کے شکرگزار ہیں۔ میئر کراچی نے جاپانی سرمایہ کاروں کو کراچی میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔ ملاقات میں ڈپٹی قونصل جنرل اور ایم ڈی کراچی واٹر کارپوریشن احمد علی صدیقی بھی موجود تھے۔ ادھر نئے چکور نالہ ایکسپریس وے پر عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کے ایم سی کی جانب سے سٹریٹ لائٹنگ کے ذریعے مناسب روشنی کا کام کیا جا رہا ہے۔ پولز کی تنصیب کے بعد وائرنگ کا کام جاری ہے اور امید ہے کہ آئندہ چند دنوں میں سٹریٹ لائٹس نصب کر دی جائیں گی۔ اسی طرح صوبائی وزیر ثقافت و سیاحت سید ذوالفقار علی شاہ نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے ہمراہ تاریخی بلوچ قبرستان چوکنڈی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد بھی موجود تھے۔ ترجمان کے مطابق بلوچ قبرستان چوکنڈی میں میوزیم کے لیے کے ایم سی کی جانب سے میوزیم ایک ماہ میں قائم کیا جا رہا ہے، جسے ایک ماہ میں فعال کر دیا جائے گا تاکہ بلوچ قبرستان چوکنڈی کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے۔ صوبائی وزیر ثقافت و سیاحت سید ذوالفقار علی شاہ نے کہا کہ تاریخی نمونے اور دستاویزی فلموں کے ذریعے بلوچ قبرستان چوکنڈی کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ چوکنڈی قبرستان کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے میوزیم کو فعال کیا جا رہا ہے، اور محکمہ ثقافت و سیاحت سندھ محکمے کے تعاون سے ایک ماہ کے اندر میوزیم کو فعال کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ میئر کراچی نے کہا کہ کراچی کے تاریخی مقامات کو محفوظ کیا جائے گا اور عوام و سیاحوں کے لیے مزید مؤثر طریقے سے متعارف کرایا جائے گا، جبکہ کراچی میں ورثے اور تاریخ کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ایڈیشنل آئی جی کراچی و ڈی آئی جی ایسٹ کی ہدایات پر شاہین فورس متحرک، داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی

کراچی (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی اور ڈی آئی جی ایسٹ کی ہدایات پر ضلع ایسٹ میں شاہین فورس متحرک ہوگئی ہے۔ شاہین فورس کو ضلع ایسٹ کے داخلی و خارجی راستوں پر تعینات کیا گیا ہے، جہاں اس کے جوان مختلف علاقوں میں ناکہ بندی اور چیکنگ کر رہے ہیں۔ شاہین فورس کے جوان بلٹ پروف جیکٹس سے لیس ہو کر گشت پر مامور ہیں، جبکہ ایس ایس پی ایسٹ زبیر نذیر شیخ خود شاہین فورس کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ شاہین فورس امن و امان کے قیام اور اسٹریٹ کرائم کی روک تھام کے لیے متحرک ہے۔

ابوالحسن اصفہانی روڈ بھکر گبول گوٹھ سے اغوا ہونیوالی 14 سالہ لڑکی بازیاب، 2 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ابوالحسن اصفہانی روڈ بھکر گبول گوٹھ سے اغوا ہونے والی 14 سالہ لڑکی کو سچل انویسٹیگیشن پولیس نے بازیاب کرا لیا اور اغوا کے الزام میں دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ اہل خانہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ 2 اکتوبر کو اسکول جانے والی ان کی بچی واپس نہیں آئی تھی، جس کے بعد بچی کے اغوا کا مقدمہ تھانہ سچل میں درج کروایا گیا تھا۔ سچل انویسٹیگیشن پولیس نے قائداعظم کالونی میں کارروائی کر کے بچی کو بازیاب کروایا، جس کے بعد بازیاب لڑکی کو ویمن پولیس اسٹیشن منتقل کر دیا گیا۔ لڑکی کے اغوا کے الزام میں گرفتار ہونے والے دو ملزمان میں امجد اور اس کا والد شبیر شامل ہیں۔

بجلی سپلائی کمپنی کے میٹر ریڈر پر فائرنگ کر کے زخمی کرنیوالا ملزم پولیس مقابلے کے بعد گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ایسٹ زون کے تھانہ محمود آباد پولیس کا ٹی پی ٹو کے قریب مسلح ملزمان سے فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس ملزمان کی موجودگی کی اطلاع پر موقع پر پہنچی تو ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی۔ دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک ملزم ربی رفائیل ولد روبن کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم نے گزشتہ روز دورانِ ریڈنگ بجلی سپلائی کمپنی کے میٹر ریڈر پر فائرنگ کر کے اسے زخمی کیا تھا۔ ملزم کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والا غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، ضابطے کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ گرفتار ملزم عادی جرائم پیشہ ہے، جو ماضی میں بھی درج ذیل مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے: مقدمہ الزام نمبر 85/2022، بجرم دفعہ 381-A ت پ، تھانہ محمود آباد۔ مقدمہ الزام نمبر 28/2023، بجرم دفعہ 381-A ت پ، تھانہ محمود آباد۔ مقدمہ الزام نمبر 95/2024، بجرم دفعہ 23(i)A SAA، تھانہ بلوچ کالونی۔ مقدمہ الزام نمبر 154/2024، بجرم دفعہ 381-A ت پ، تھانہ ٹیپو سلطان۔ مقدمہ الزام نمبر 182/2024، بجرم دفعہ 397/34 ت پ، تھانہ محمود آباد۔ مقدمہ الزام نمبر 64/2025، بجرم دفعہ 392/397/34 ت پ، تھانہ محمود آباد۔ مقدمہ الزام نمبر 65/2025، بجرم دفعہ 23(i)A SAA، تھانہ محمود آباد۔ مقدمہ الزام نمبر 184/2026، بجرم دفعہ 381-A ت پ، تھانہ محمود آباد۔ واقعے سے متعلق ملزم سے تفتیش جاری ہے، جبکہ ساتھی ملزم کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

این سی سی آئی اے کراچی کی کارروائی، خاتون کو بلیک میل کرنے کے الزام میں ملزم گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) کراچی زون نے خاتون کو شادی کا جھانسہ دے کر نازیبا تصاویر اور ویڈیوز بنانے، ہراساں کرنے اور بلیک میل کرنے کے الزام میں ملزم شعیب نواز آفریدی کو ملینیم مال، گلستانِ جوہر، کراچی کے قریب سے گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ خاتون نے شکایت درج کروائی کہ اس نے ملزم سے ایک گاڑی کرائے پر حاصل کی تھی۔ ملزم نے مبینہ طور پر خاتون کا اعتماد حاصل کر کے دوستی قائم کی اور شادی کا جھانسہ دے کر اس کی نجی و نازیبا تصاویر اور ویڈیوز بنائیں، جنہیں بعد ازاں استعمال کرتے ہوئے اسے مسلسل ہراساں اور بلیک میل کیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق ملزم خواتین کو کرائے پر گاڑیاں فراہم کرنے کی آڑ میں ان سے روابط قائم کرتا، اعتماد حاصل کرتا اور پھر نجی تصاویر و ویڈیوز کے ذریعے بلیک میل کرتا تھا۔ اس حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ملزم کیخلاف مقدمہ نمبر 111/26، زیر دفعات 20، 21 اور 24 پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ (PECA)، بمعہ دفعہ 109 تعزیراتِ پاکستان، تھانہ این سی سی آئی اے کراچی میں درج کر لیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے علی ناصر رضوی کی ہدایات کے مطابق خواتین کو سائبر ہراسگی، بلیک میلنگ اور آن لائن استحصال سے تحفظ فراہم کیا جائے گا، اور ایسے جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بھرپور کارروائی کی جائے گی۔

کورنگی پولیس کی کارروائی، فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، 8 مردوں اور 8 خواتین سمیت 16 ملزمان گرفتار



کراچی (کرائم رپورٹر) تھانہ کورنگی پولیس نے آئی آر میں شامل فحاشی کے اڈے پر چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے 8 مردوں اور 8 خواتین سمیت 16 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں اختر علی ولد ریاست علی، صحبت علی ولد شیر، ساجد ولد نیاز، عرفان ولد الیاس، داد ولد یوسف، سعود ولد یوسف، عمر ولد عیفاز، حیدر ولد فیصل، صائمہ زوجہ فیصل، فوزیہ دختر عامر، کرن زوجہ عمر، سائرہ زوجہ تنویر، صبا زوجہ زبیر، مریم زوجہ طلحہ، مسکان زوجہ دین اور سنبل زوجہ عمیر شامل ہیں۔ کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے 6 موبائل فون اور 12 ہزار روپے نقد رقم برآمد ہوئی۔ گرفتار افراد کے خلاف تھانہ کورنگی میں مقدمہ الزام نمبر 490/26 بجرم دفعہ 294/509/34 تعزیراتِ پاکستان درج کر لیا گیا ہے، اور تمام گرفتار افراد کو مزید تفتیش کے لیے ایس آئی او کورنگی کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

کراچی میں 84 انچ قطر کی مرکزی پانی کی لائن کے ایئر والو کی مرمت مکمل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن نے گلشنِ اقبال میں عزیز بھٹی پارک کے قریب 84 انچ قطر کی مرکزی پانی کی لائن کے لیک ہونے والے ایئر والو کی مرمت مکمل کر لی، جس کے بعد متاثرہ علاقوں میں پانی کی فراہمی بحال کر دی گئی ہے۔ ترجمان واٹر کارپوریشن کے مطابق گزشتہ شام عزیز بھٹی پارک کے قریب مرکزی پانی کی لائن کا ایئر والو لیک ہو گیا تھا، جس کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ عملے نے مرمتی کام شروع کر دیا۔ تکنیکی عملے نے خرابی دور کرنے کے لیے کام کیا اور مرمت مکمل ہونے کے بعد پانی کی فراہمی بحال کر دی گئی۔ ترجمان کے مطابق ایئر والو کی خرابی کے باعث صفورہ، جناح، لیاری، صدر، کلفٹن، بلدیہ اور کیماڑی کے مختلف علاقے متاثر ہوئے تھے۔ مرمتی کام مکمل ہونے کے بعد ان علاقوں میں پانی کی فراہمی بحال کر دی گئی ہے۔ ترجمان واٹر کارپوریشن کا کہنا تھا کہ ادارہ شہریوں کو پانی کی فراہمی میں درپیش مشکلات کم کرنے اور پانی کی لائنوں میں پیدا ہونے والی خرابیوں کی بروقت مرمت یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے۔

سٹی پولیس کی کارروائی: موٹر سائیکل لفٹنگ کے 3 رکنی گروہ گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ سٹی پولیس نے موٹر سائیکل لفٹنگ کی متعدد وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گروہ کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کو علاقہ تھانہ کھارادر کی حدود سے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کی شناخت محمد حسین، شاہ جہاں اور محمد ارشد کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ملزمان گروہ کی شکل میں وارداتیں کیا کرتے تھے اور موٹر سائیکل چوری کرنے کے بعد اسے مختلف حصوں میں کھول کر بیچا کرتے تھے۔ ملزمان سے چوری شدہ موٹر سائیکل سمیت موٹر سائیکل کے 2 انجن، 1 چیسس اور دیگر مختلف پارٹس بھی برآمد ہوئے۔ برآمدہ چوری شدہ موٹر سائیکل نمبر KAC-2840 کا مقدمہ تھانہ سولجر بازار میں درج ہے، جبکہ برآمدہ چوری شدہ موٹر سائیکل کے مختلف پارٹس تھانہ میٹھادر کے علاقے سے سرقہ شدہ موٹر سائیکل کے ہیں اور برآمدہ چوری شدہ انجن تھانہ سولجر بازار کے علاقے سے سرقہ شدہ موٹر سائیکل کا ہے۔ ملزمان شہر کے مختلف علاقوں میں موٹر سائیکل لفٹنگ کی وارداتیں کیا کرتے تھے۔ ملزمان کو گرفتار کرتے ہوئے مزید قانونی کارروائی کے لیے AVLC حکام کو حوالے کیا جا رہا ہے۔

سینٹرل پولیس کی اسلحہ، منشیات، گٹکا ماوا اور غیر قانونی تعمیرات میں ملوث افراد کیخلاف کامیاب کارروائیاں

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل ڈاکٹر محمد عمران خان کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس نے مختلف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 19 ملزمان کو گرفتار کیا، جن میں اسٹریٹ کرمنلز، گٹکا ماوا فروش، منشیات فروش، غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہری اور غیر قانونی تعمیرات میں ملوث افراد شامل ہیں۔ تھانہ یوسف پلازہ پولیس نے اسٹریٹ کرائم میں ملوث دو ملزمان احسن اور عدنان کو گرفتار کر کے 30 بور پستول بمعہ 3 راؤنڈ، 2 موبائل فون، 2 پرس اور نقد رقم برآمد کی۔ ملزمان کے خلاف سندھ آرمز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا اور فیڈرل بی ایریا انڈسٹریل ایریا کے مقدمہ نمبر 357/2026 کا سراغ بھی لگایا گیا۔ تھانہ جوہر آباد پولیس نے گٹکا ماوا فروش ملزم سعدی عرف مون کو 55 پڑیوں سمیت گرفتار کیا، جبکہ غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہری نور اللہ اور خالد کو گرفتار کر کے گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، سائٹ کراچی منتقل کر دیا۔ تھانہ پاپوش نگر پولیس نے اسٹریٹ کرمنل شان کو 30 بور پستول بمعہ 3 زندہ راؤنڈ کے ساتھ گرفتار کیا۔ تھانہ سپر مارکیٹ پولیس نے غیر قانونی تعمیرات میں ملوث 7 ملزمان بابل خان، غلام قادر، ثمن، اعتبار، نور خان، راہب اور لیاقت کو گرفتار کیا، جبکہ مبینہ بلڈر نعمان فرار ہو گیا۔ ملزمان سے ایک بیلچہ اور ریت کی 7 خالی بوریاں برآمد ہوئیں۔ اسی تھانے کی پولیس نے منشیات فروش ناصر عرف چربی اور اسد کو گرفتار کر کے 107 گرام آئس اور 500 روپے نقد برآمد کیے۔ تھانہ فیڈرل بی ایریا انڈسٹریل ایریا پولیس نے اسٹریٹ کرمنلز نور اللہ اور محمد ابراہیم کو 2 پستولوں بمعہ 5 راؤنڈ اور 550 روپے کے ساتھ گرفتار کیا، جبکہ ملزم آصف عرف سائبولی کو 30 بور پستول بمعہ 3 راؤنڈ اور 250 روپے کے ساتھ گرفتار کیا۔ تھانہ نارتھ ناظم آباد پولیس نے گٹکا ماوا فروش دانش کو 25 پڑیوں سمیت اور منشیات فروش نور حسین کو 53 گرام آئس کے ساتھ گرفتار کیا۔

انٹر اسکول اسپورٹس ٹیبل ٹینس اور بیڈمنٹن ٹورنامنٹس اختتام پذیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی کے تحت سندھ اسپورٹس کلب، ناظم آباد، کراچی میں منعقدہ انٹر اسکول اسپورٹس ٹیبل ٹینس اور بیڈمنٹن ٹورنامنٹس اختتام پذیر ہو گئے۔ ان مقابلہ جات کی سرپرستی چیئرمین پروفیسر مشرف علی راجپوت نے کی۔ مہمانانِ گرامی میں اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد، ڈسٹرکٹ سینٹرل رابعہ سید، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ای ایس اینڈ ایچ ایس) سینٹرل سید نواز علی شاہ جیلانی اور ڈپٹی ڈائریکٹر سی سی اے عبدالواجد خان شامل تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانانِ خصوصی اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد محترمہ رابعہ سید نے کہا کہ کھیل طلبہ میں نظم و ضبط اور خود اعتمادی پیدا کرتے ہیں اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سید نواز علی شاہ جیلانی نے کہا کہ کھیل ذہنی نشوونما کے لیے مفید ہیں اور تعلیمی کارکردگی پر بھی اچھے اثرات ڈالتے ہیں۔ انہوں نے اسکولوں میں ایسی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی پر زور دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سی سی اے کراچی عبدالواجد خان نے کہا کہ کھیلوں سے بچوں میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت اور ٹیم ورک کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ انہوں نے فاتح اور رنر اپ ٹیموں کو مبارکباد دی۔ چیئرمین پروفیسر مشرف علی راجپوت نے کہا کہ کھیل بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما کے لیے نہایت ضروری ہیں، ان سے نظم و ضبط، ٹیم ورک اور خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے، اور بچوں میں بروقت فیصلہ کرنے کی صلاحیت بڑھتی ہے۔ انہوں نے شرکت کرنے والے تمام اسکولوں، کھلاڑیوں اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ تفصیلات کے مطابق انٹر اسکول بوائز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے پہلے سیمی فائنل میں پی پی پیلس گرامر اسکول ڈی ون اور بحریہ کالج اینڈ اسکول ای اے بی ون مجید کیمپس کا مقابلہ ہوا۔ دوسرے سیمی فائنل میں پی پی پیلس اسکول ایف بی ایریا اور بحریہ اسکول اینڈ کالج ای اے بی ٹو مجید کیمپس آمنے سامنے آئے۔ فائنل میں پی پی پیلس اسکول ڈی ون نے بحریہ اسکول ای اے بی ٹو کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا، جبکہ بحریہ اسکول ای اے بی ٹو رنر اپ رہی۔ انٹر اسکول بوائز ٹیبل ٹینس کا فائنل فاطمیہ بوائز اسکول اور بحریہ کالج اینڈ اسکول ای اے بی ون مجید کیمپس کے درمیان کھیلا گیا، جس میں فاطمیہ بوائز اسکول فاتح رہا۔ انٹر اسکول گرلز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے پہلے سیمی فائنل میں بحریہ اسکول ای اے بی ٹو مجید کیمپس کا مقابلہ سینٹ جوزف کانونٹ اسکول سے ہوا۔ انٹر اسکول گرلز ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ کے فائنل میں فاطمیہ گرلز اسکول نمائش نے پی پی پیلس گرامر اسکول ایف بی ایریا کو ہرا کر ٹائٹل جیتا، جبکہ پی پی پیلس ایف بی ایریا رنر اپ رہی۔ آخر میں مہمانانِ گرامی نے میٹرک بورڈ انتظامیہ و ریسرچ اسپورٹس سیکشن کے افسران و عملے کی کاوشوں کی تعریف کی جبکہ اسپورٹس کمیٹی ممبران وسیم ماجد، مسز راحیلہ مسرور اور سید نوید کی خدمات کو بھی سراہا۔

لیاقت آباد ٹاؤن کے تعلیمی اداروں میں طلبہ حکومت اور بلیو ڈے کی تقریبات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاقت آباد کے تعلیمی اداروں نواب صدیق علی خان اسکول، لیاقت آباد نمبر 2، یونین کمیٹی نمبر 7 اور شبلی نعمانی اسکول میں ایک روزہ طلبہ حکومت اور پرائمری سیکشن میں بلیو ڈے کے حوالے سے خصوصی تقریبات منعقد ہوئیں، جن میں چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب، وائس چیئرمین یونین کمیٹی 7 اظہر عظیم شمسی، کوآرڈینیٹر صغیر احمد انصاری اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ تقریبات کے دوران طلبہ نے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا، جبکہ اساتذہ نے بچوں کی تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کو سراہا۔ ایک روزہ طلبہ حکومت کے انعقاد کا بنیادی مقصد طلبہ کو عملی طور پر قیادت، ذمہ داری، نظم و ضبط اور اجتماعی فیصلوں کی اہمیت سے روشناس کرانا ہے۔ اس سرگرمی کے ذریعے طلبہ کو تعلیمی ماحول میں مختلف ذمہ داریاں سنبھالنے، اپنے فرائض سمجھنے اور دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی صلاحیتیں پیدا کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم صرف کتابی علم تک محدود نہیں، بلکہ بچوں کی شخصیت سازی، کردار کی تعمیر اور انہیں مستقبل کی ذمہ داریوں کے لیے تیار کرنا بھی تعلیمی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ طلبہ کو قیادت کے مواقع فراہم کرنے سے ان میں خود اعتمادی، فیصلہ سازی اور احساسِ ذمہ داری جیسی اہم صلاحیتیں پروان چڑھتی ہیں۔ نواب صدیق علی خان اسکول اور شبلی نعمانی اسکول کے پرائمری سیکشن میں بلیو ڈے کے حوالے سے بھی خصوصی تقریبات منعقد کی گئیں، جن میں بچوں نے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا۔ ان سرگرمیوں کا مقصد بچوں کو خوشگوار، دوستانہ اور سرگرمیوں سے بھرپور تعلیمی ماحول فراہم کرنا اور انہیں باہمی تعاون، تخلیقی صلاحیتوں اور اجتماعی شرکت کی جانب راغب کرنا تھا۔ چیئرمین فراز حسیب نے اساتذہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بچوں کی ابتدائی تعلیم ان کی مستقبل کی شخصیت کی بنیاد ہوتی ہے۔ اسکولوں میں اس نوعیت کی سرگرمیاں بچوں کے لیے تعلیم کو مزید دلچسپ اور مؤثر بنانے میں مدد دیتی ہیں۔

نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری، سیکٹر 3 میں جامعہ صدیقیہ روڈ اور گلیوں کی تعمیر کا افتتاح

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے نارتھ کراچی کے سیکٹر 3 میں جامعہ صدیقیہ روڈ اور گلیوں کی تعمیر کے کام کا افتتاح کر دیا۔ طویل عرصے سے خستہ حالی کا شکار سڑک کی تعمیر سے علاقہ مکینوں کا دیرینہ مسئلہ حل ہونے کی امید ہے۔ افتتاحی تقریب میں یونین کونسل کے چیئرمین، وائس چیئرمین، وارڈ کونسلرز، یو سی پینل کے ارکان اور علاقے کے معززین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد یوسف نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبوں پر کام کیا جا رہا ہے۔ جماعت اسلامی کی منتخب بلدیاتی قیادت محدود وسائل کے باوجود عوامی خدمت کا سفر دیانت داری اور شفافیت کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ادوار میں نیو کراچی ٹاؤن کو نظرانداز کیا گیا، جس کے باعث گلیاں اور سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار رہیں، سیوریج کا نظام تباہ حال تھا اور گٹر ابلتے تھے۔ تاہم، اب جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے مختلف علاقوں میں جا کر عوام کے مسائل سن رہے ہیں اور ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کر رہے ہیں۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن نے کہا کہ سڑکوں کی تعمیر سے قبل نکاسی آب کے مسائل پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ ترقیاتی کام دیرپا ثابت ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ نیو کراچی ٹاؤن کی صورتحال پہلے سے بہتر ہوئی ہے اور مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبے تیزی سے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ جماعت اسلامی کے نمائندے عوام کے بنیادی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔ عوام کے تعاون سے ان شاءاللہ نیو کراچی ٹاؤن کو ایک بہترین ٹاؤن بنانے کی کوششیں جاری رہیں گی۔ محمد یوسف نے موجودہ بلدیاتی نظام کو عوامی ضروریات پوری کرنے کے لیے ناکافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بیشتر اختیارات صوبائی حکومت کے پاس ہونے کے باعث مقامی سطح پر مسائل کے حل میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنایا جائے تاکہ عوام کے مسائل مقامی سطح پر مؤثر انداز میں حل کیے جا سکیں۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کو ٹاؤن کے ماتحت کیا جائے تاکہ پانی اور نکاسی آب سے متعلق عوامی مسائل فوری طور پر حل ہو سکیں۔ جماعت اسلامی کے نمائندے عملی جدوجہد اور نیک نیتی کے ساتھ عوام کی خدمت کر رہے ہیں۔

گلشن بہار اور ملحقہ علاقوں میں ویسٹ پولیس کا سرچ آپریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع ویسٹ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے سلسلے میں تھانہ پاکستان بازار کی حدود گلشن بہار سیکٹر 16 اور ملحقہ علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کی ہدایات پر کیے گئے آپریشن کے دوران علاقے کے داخلی و خارجی راستوں کو بند کر کے مختلف مقامات کی تلاشی لی گئی، جبکہ بائیومیٹرک تلاش کے آلے کی مدد سے متعدد مشتبہ افراد کی شناخت اور کوائف کی تصدیق بھی کی گئی۔ آپریشن میں ایس ڈی پی او پاکستان بازار کی نگرانی میں ایس ایچ او پاکستان بازار، پولیس نفری، خواتین اہلکاروں اور انٹیلی جنس عملے نے حصہ لیا۔ پولیس حکام کے مطابق ضلع ویسٹ کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے روزانہ کی بنیاد پر ہدفی سرچ آپریشنز کیے جا رہے ہیں۔ ان کارروائیوں کا مقصد علاقے میں امن و امان برقرار رکھنا، شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانا اور جرائم میں ملوث عناصر کو گرفتار کرنا ہے۔

کیماڑی پولیس کی 24 گھنٹوں میں 47 ملزمان گرفتار، اسلحہ، منشیات، گٹکا ماوا اور اسمگل شدہ ڈیزل برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 47 ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان میں 2 اسٹریٹ کرمنل، 2 منشیات فروش، 1 اشتہاری، 1 مفرور، 3 گٹکا فروش، 28 غیر قانونی افغان شہری اور 10 دیگر جرائم میں ملوث ملزمان شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 عدد پستول، 570 گرام چرس، 14 گرام آئس، سرقہ شدہ موبائل فون، مسروقہ موٹر سائیکل، 19 کلو گٹکا ماوا اور 210 لیٹر اسمگل شدہ ڈیزل برآمد ہوا۔ ملزمان کے خلاف متعلقہ دفعات کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔



اداکار اعجاز اسلم کی بعض گناہوں کو معمول کی بات سمجھنے کے رجحان کی نشاندہی

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی اداکار اعجاز اسلم نے سوشل میڈیا پر ایک پیغام شیئر کیا ہے جس میں معاشرے میں بعض گناہوں کو معمول کی بات سمجھنے کے رجحان کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اداکار کے پیغام میں روزمرہ استعمال ہونے والے الفاظ اور اصطلاحات جیسے ڈرنک، ڈیٹ، چائے پانی، سود، فیشن اور دوستی کا ذکر کرتے ہوئے ان کے ساتھ ایسے اعمال کی جانب توجہ دلائی گئی ہے جنہیں دینی اعتبار سے گناہ سمجھا جاتا ہے۔ پیغام کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ لوگ بعض گناہ کے کاموں کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ اب انہیں گناہ تصور بھی نہیں کرتے۔ انہوں نے زور دیا ہے کہ انسان اپنے اعمال کے لیے استعمال ہونے والی زبان اور اصطلاحات پر غور کرے، کیونکہ بعض اوقات عام الفاظ کسی غلط عمل کو بھی معمول کی بات بنا دیتے ہیں۔ اعجاز اسلم نے اس پیغام سے اتفاق کرتے ہوئے اسے بالکل درست قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ اعجاز اسلم پاکستان کے معروف اداکار، ماڈل اور فیشن ڈیزائنر ہیں، جو کئی برسوں سے شوبز انڈسٹری سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے مختلف ٹی وی ڈراموں اور سٹ کامز میں اپنی اداکاری سے پہچان بنائی، جبکہ فیشن ڈیزائننگ سمیت دیگر تخلیقی شعبوں میں بھی کام کیا ہے۔ پاکستان کی معروف سابق سپر ماڈل اور اداکارہ ونیزہ احمد نے خواتین کو شادی سے قبل نکاح نامہ غور سے پڑھنے اور اپنے حقوق سے آگاہ ہونے کا مشورہ دے دیا۔ ونیزہ احمد نے حال ہی میں واسع چوہدری کے شو میں گفتگو کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود انہوں نے خود بھی اپنا نکاح نامہ اس وقت تک نہیں پڑھا تھا جب تک ان کی طلاق کا معاملہ سامنے نہیں آیا۔ اداکارہ نے کہا کہ خواتین کو نکاح نامے میں درج شرائط اور اپنے حقوق کے بارے میں سوال کرنے سے شرمانا نہیں چاہیے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 1

ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس میں کہی۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے اور 20 مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ کیا گیا۔ سرکاری میڈیا کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان آج وزیراعظم ہاس اسلام آباد میں ملاقات ہوئی اور بعدازاں دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح وفود کی سطح پر اجلاس بھی ہوا۔ شہباز شریف نے وزیراعظم ہاس آمد پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا اوران کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی۔ صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیراعظم ہاؤس میں یادگار کے طور پر پودا بھی لگایا۔ مذاکرات کے دوران دونوں رہنماں نے پاکستان اور مالدیپ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اوراس کی قومی ترقی کی ترجیحات میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مذاکرات میں اقتصادی تعاون کو خصوصی اہمیت دی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت، غذائی تحفظ، ادویات اور نجی شعبے کے درمیان شراکت داری بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے فضائی اور بحری رابطوں کو بہتر بنانے اور مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس جلد منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم اور مالدیپ کے صدر نے اگلے دو سال میں دوطرفہ تجارت موجودہ ایک کروڑ 34 لاکھ ڈالر سے بڑھا کر 20 کروڑ ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا۔ وزیراعظم نے مالدیپ کو ضروری غذائی اشیا اور ادویات کی فراہمی کے لیے پاکستان کی آمادگی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فراہمی دونوں حکومتوں کے درمیان براہِ راست انتظامات کے ذریعے ممکن بنائی جائے گی۔ وزیراعظم نے مالدیپ کے طلبہ کے لیے ہر سال مزید 20 انڈر گریجویٹ اسکالرشپس دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے صحت کے شعبے میں تعاون، پیشہ ورانہ تربیت اور اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ مالدیپ کے صدر کے پانچ ملین درخت لگانے کے اقدام کے تحت وزیراعظم نے اعلان کیا کہ پاکستان اگلے 12 ماہ کے دوران ایک لاکھ زیتون کے پودے اور مختلف پودوں کے ایک لاکھ بیج فراہم کرے گا۔ ان کی فراہمی متعلقہ پودوں کی موسمی دستیابی کے مطابق کی جائے گی۔ پاکستان اپنے ماہرین مالدیپ بھیجے گا، جو وہاں پودوں کی نرسریاں قائم کرنے میں مدد دیں گے۔ اس تعاون کے ذریعے تین سال میں مجموعی طور پر 10 لاکھ پودے تیار کرنے میں مدد فراہم کی جائے گی۔ علاقائی اور عالمی امور پر گفتگو کرتے ہوئے دونوں رہنماں نے امن، مذاکرات، خودمختاری کے احترام اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے فلسطین کے معاملے پر مالدیپ کے اصولی مقف کو سراہا۔ انہوں نے جموں وکشمیر تنازع، سندھ طاس معاہدے اور علاقائی سلامتی کی صورتحال سے متعلق پاکستان کا مقف بھی پیش کیا۔ دونوں رہنماں نے مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے 20 مفاہمتی یادداشتوں کے تبادلے کا مشاہدہ کیا۔ ان یادداشتوں میں صحت، تعلیم، تکنیکی تربیت، سیاحت، شہری ہوا بازی، زراعت، ماہی گیری، دفاع، بحری سلامتی، قانون نافذ کرنے والے اداروں، سول سروس، سماجی تحفظ، ثقافت اور نوجوانوں سمیت دیگر شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ مشترکہ میڈیا گفتگو کے دوران دونوں رہنماں نے ملاقات کے نتائج پر اطمینان کا اظہار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ معاہدوں پر بروقت عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ دونوں ممالک کے عوام کو عملی فوائد حاصل ہوں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

وسیع تجربہ حاصل ہے۔ ان کی اہم تعیناتیوں میں کمانڈ فیلڈ اینڈ آپریشنل ٹریننگ، نیول سیکریٹری اور وزارت دفاع میں ایڈیشنل سیکریٹری III کے عہدے شامل ہیں۔ ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں ایڈمرل کو ہلالِ امتیاز (ملٹری) سے نوازا جاچکا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

کی جانب سے بھیجا گیا دعوت نامہ پاکستان کے وزیر ثقافت اورنگزیب خان کچھی کو مل گیا۔ ذرائع وزارت خارجہ کے مطابق بھارت کی جانب سے دعوت نامے کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ایس سی او وزرائے ثقافت کا دو روزہ اجلاس نئی دہلی میں شیڈول ہے، جس کے لیے بھارت نے پاکستانی وفد کو مدعو کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور بھارت دونوں ایس سی او کے مستقل رکن ہیں اور ایک دوسرے کے ہاں منعقد ہونے والے اجلاسوں میں بلاتعطل شرکت کرتے رہے ہیں۔ اس سے قبل بھی سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے مئی 2023 میں گوا میں منعقدہ ایس سی او وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کی تھی، جبکہ بھارتی وزیر خارجہ ایس جے شنکر بھی اکتوبر 2024 میں ایس سی او سربراہان حکومت کے اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد کا دورہ کرچکے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

یادداشت کا مقصد فوجی پیداوار، دفاعی صلاحیتوں میں اضافے اور فوجی تربیت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اس کے علاوہ دفاعی ٹیکنالوجی، تحقیق اور ترقی کے شعبوں میں بھی مشترکہ اقدامات کیے جائیں گے۔ بیان کے مطابق چاروں ممالک اپنی اپنی دفاعی صنعتوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مشترکہ منصوبوں پر کام کریں گے۔ ترک وزارت دفاع کے بقول اس تعاون سے دفاعی پیداوار میں بہتری آئے گی اور دوست ممالک کی ضروریات پوری کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ ترکیہ کی دفاعی صنعت کے سربراہ ہالوک گورگن نے معاہدے کو تزویراتی تعاون کی بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی کا تبادلہ، مشترکہ ترقی اور مقامی پیداواری صلاحیتوں کو مضبوط بنانا پائیدار دفاعی صنعت کے بنیادی عناصر ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ شراکت داری محض تیار فوجی سازوسامان کی خریداری تک محدود نہیں رہے گی بلکہ متعلقہ ممالک کی افرادی قوت اور صنعتی ڈھانچے کی ترقی میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ واضح رہے کہ ترکیہ نے اگست میں پاکستان اور سعودی عرب کے ساتھ بھی باہمی دفاعی معاہدہ کیا تھا، جس کے تحت کسی ایک فریق پر حملے کو تمام فریقوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ دوسری جانب وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان، قطر، انڈونیشیا اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون کے منصوبے بدر کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کو علاقائی امن واستحکام کے لیے مشترکہ عزم کی عکاسی قرار دے دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان قابل اعتماد شراکت داروں کے ساتھ دفاعی تعاون کو مضبوط بنانے کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدر مفاہمتی یادداشت علاقائی امن اور استحکام کے لیے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ہم متعلقہ بین الاقوامی اور ملکی قوانین کے مطابق خود کفالت، صنعتی تعاون، مشترکہ پیداوار اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے مواقع تلاش کرنے کے منتظر ہیں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ ہمارا مقصد مشترکہ تحقیق وترقی، تربیتی تبادلوں اور صنعتی صلاحیت کی تعمیر میں تعاون بڑھانا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

اور سنپولیے قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں شکست ہوگی۔ پارٹی کے اندرونی اتفاق پر غیر جمہوری فیصلہ سازوں کا حملہ ہے۔ اسی اثنا میں سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کا پارٹی گروپ میں آڈیو پیغام بھی لیک ہوا ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ یہ پارٹی کسی کے باپ کی نہیں، یہاں فیصلے بانی چیئرمین نے کرنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی کا ہر حکم پہلے بھی من وعن مانا گیا ہے اور آئندہ بھی مانا جائے گا۔ علی امین گنڈاپور نے سلمان اکرم راجہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کسی پر سانپ اور سنپولیے ہونے کے الزامات لگانا ان کا اختیار نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سمجھ جاؤ اس بات کو، اگر آپ کو سمجھ نہیں آ رہی تو سمجھانے کے طریقے ہیں ہمارے پاس۔ اگر ایک عہدہ آپ کو ہضم نہیں ہو رہا تو ہاضمے کی دوائی ہے ہمارے پاس۔ علاوہ ازیں خیبرپختونخوا اسمبلی کے پی ٹی آئی ارکان نے بھی سلمان اکرم راجہ کی پوسٹ پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ ارکان اسمبلی نے کہا کہ مشکل ترین سیاسی حالات میں منتخب نمائندوں کے ساتھ کھڑے ہونے کے بجائے ان پر الزامات عائد کرنا افسوس ناک ہے۔ صوبے کے نمائندے ہیں، سیاسی دباؤ، مقدمات اور گرفتاریوں جیسے چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی ارکان اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ صوبائی معاملات اور سیاسی فیصلوں میں پارلیمانی پارٹی کی رائے، زمینی حقائق اور منتخب نمائندوں کے مینڈیٹ کو بنیادی اہمیت دی جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ پارٹی کے تمام فیصلے باہمی مشاورت، احترام اور اعتماد کے اصولوں کے تحت ہونے چاہییں۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی قانون اور آئین کی رو سے آج بھی وزیر اعلیٰ ہیں۔ وسوسہ پھیلانے والے سانپوں اور سنپولیوں کو شکست ہوگی۔ اپنے ایک بیان میں سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے اندرونی اتفاق پر اس وقت غیر جمہوری فیصلہ سازوں کا حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیانیہ پھیلایا جا رہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے 68 ارکان بطور گروپ فیصلہ کریں گے۔ کہا جا رہا ہے بانی اور پارٹی کی پولیٹیکل کمیٹی کی اجازت کے بغیر وزیراعلیٰ کا فیصلہ ہونے والا ہے۔ سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہا جا رہا ہے کہ اسی گروپ نے آخری دنوں میں سہیل آفریدی اور ٹیم سے رابطہ منقطع کیا تھا۔ کہا جا رہا ہے اسی گروپ نے سرکاری جبر، ایمرجنسی اور گورنر راج کی راہ ہموار کی۔ پی ٹی آئی سیکریٹری جنرل نے کہا کہ جب تک تحقیقات مکمل نہ کرلی جائیں تب تک کسی سازشی بیانیے پر یقین نہ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنید اکبر خیبر پختونخوا میں پارٹی کے بدستور صدر ہیں۔ جنید اکبر کا تقرر بانی پی ٹی آئی نے خود کیا ہے، ان کی غیر موجودگی میں صوبے کے قائم مقام صدر علی اصغر خان ہیں۔ سلمان اکرم راجہ نے یہ بھی کہا کہ سہیل آفریدی قانون اور آئین کی رو سے آج بھی وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا ہیں۔ وسوسہ پھیلانے والے سانپوں اور سنپولیوں کو شکست ہوگی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

پیٹرولیم ڈویژن سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی نے حکومت کے طریقہ کار کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کر دیا ہے۔ حکومت نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 2 روپے 71 پیسے کی کردی ہے اور پیٹرول کی نئی قیمت 379 روپے 31 پیسے فی لیٹر مقرر کردی ہے۔ اوگرا نے گزشتہ روز پیٹرول کی قیمت میں اضافہ کردیا تھا اور قیمت 382 روپے دو پیسے کردی تھی۔ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 31 پیسے فی لیٹر اضافہ کردیا گیا ہے اور نئی قیمت 390 روپے 11 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے جبکہ گزشتہ روز ڈیزل کی قیمت 389 روپے 80 پیسے مقرر کی گئی تھی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 22 اکتوبر 2026 کے لیے ہوگا۔ وزارت پیٹرولیم نے اعلامیے میں بتایا کہ عالمی حالات، پلاٹس ریٹس اور دیگر اخراجات کے باعث پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

کراچی میں خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، تاہم تعلیمی بجٹ کہاں خرچ ہوتا ہے، اس بارے میں کچھ معلوم نہیں۔ کراچی اور سندھ میں تعلیمی نظام کی صورت حال تشویش ناک ہے اور سندھ حکومت نے جامعہ کراچی کا برا حال کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے اپنے زیرانتظام ٹاؤنز میں تعلیمی کارڈ متعارف کرائے ہیں اور طلبہ کو باعزت طریقے سے تعلیمی وظائف دیے جا رہے ہیں۔ گلبرگ ٹاؤن میں 10 ہزار تعلیمی کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ فنڈز کی کمی کے باوجود شہر میں ترقیاتی کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے پنجاب کی وزیراعلیٰ کی جانب سے 11 ارب روپے کا طیارہ خریدنے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے سرکاری اسکولوں کے نتائج بھی خراب آئے ہیں۔ ادھر امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ کراچی میں جماعت اسلامی کے 9 ٹاؤنز کے ترقیاتی کام گیم چینجر ثابت ہورہے ہیں۔ کراچی کے گلبرگ ٹاؤن میں ابوتراب گورنمنٹ اسکول کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ سندھ کا بجٹ چند ہاتھوں کو مضبوط کرہا ہے، جبکہ پنجاب کی وزیراعلیٰ گیارہ ارب کا جہاز خرید کر گھوم رہی ہیں، قوم کی تعمیر سیاست دانوں کی ترجیح نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں جہاں جماعت اسلامی کے ٹاؤن ناظمین ہیں وہاں ترقیاتی کام ہورہا ہے، ہم اپنے اختیارات سے بڑھ کر کام کررہے ہیں، کچرا اٹھانے کا اختیار ٹاؤن کے پاس نہیں ہے۔ شہر کا نصف حصہ پینے کے پانی سے محروم ہے، بلدیاتی اختیارات کے لیے جدوجہد کرتے رہیں گے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ کراچی یونیورسٹی میں تعلیم اور ٹرانسپورٹ کی صورتحال خراب ہے، کل ہم 9 پوائنٹس بسیں کراچی یونیورسٹی کی انتظامیہ کے حوالے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ابوتراب اسکول کے بچوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، جماعت اسلامی سرکاری اسکولوں میں جدید تعلیم کا نظام لیکر آرہی ہے، ہمارے نئے تزئین و آرائش کے بعد انرولمنٹ بڑھ رہی ہے، گلبرگ ٹاؤن دس ہزار تعلیمی کارڈ جاری کریگا، پورے کراچی میں تعلیمی کارڈ متعارف کروائیں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

رکھنا امریکا کی ضرورت ہے۔ مارکو روبیو نے کہا کہ بالکل ایسے ہی جیسے ایران سے تعلقات رکھنا بھارت کی ضرورت ہے۔ امریکی وزیرخارجہ نے کہا کہ امریکا، پاکستان تعلقات میں بھارت کے لیے مثبت بات ہوسکتی ہے۔ پاکستان سے بات کرکے ہم بھارت کے خدشات دور کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

چاہیے کیونکہ بیرونی مداخلت سے مسئلے کا حل مزید مشکل ہوجائے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ مصر کو ایسے پیچیدہ تنازع سے دور رہنے کے لیے اپنے سابق تجربات سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ عباس عراقچی نے یہ بھی کہا کہ مصر نے ایران کو یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ یمن میں براہ راست جنگ میں شریک نہیں ہوگا۔ یاد رہے کہ مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے پارلیمنٹ سے بیرون ملک فوجی کارروائیوں کی اجازت دینے کی درخواست بھی کی تھی۔ تاہم حوثیوں کے خلاف ممکنہ فوجی اقدام پر پارلیمانی بحث 26 اکتوبر تک مؤخر کردی گئی ہے۔ دوسری جانب ایرانی وزیر خارجہ نے یہ بھی بتایا کہ ایران نے سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان مذاکرات کرانے کی پیشکش کی تھی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

نے میپور علاقے کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیرقانونی ہیں، ان تمام غیرقانونی سوسائٹیوں کے خلاف کام کررہے ہیں، جہاں بھی سرکار کی زمین پر قبضہ ہوگا وہ واگزار کروائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد میں نیشنل ہیریٹیج میوزم بنا رہے ہیں، غیرقانونی قبضہ کرنے والوں کے علاوہ قبضے پر آنکھیں بند کرنے والے سی ڈی اے ملازمین کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیرداخلہ نے بہارہ کہو میں قبضے کی زمین واگزار کرانے کی بھی ہدایات کی اور کہا کہ سرکار کی 108 کنال زمین یہاں سے واگزار کرائیں گے، واگزار زمین پر 3 میوزیم بنائیں گے جن میں آرمی میوزیم بھی شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد کے پرانے سیکٹرز جی سکس، جی سیون، جی نائن اور جی ٹین کی تعمیر نو کریں گے اور تجاوزات کا خاتمہ بلا تفریق کریں گے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری نے جی ٹین میں مرحومہ طالبہ لائبہ اعجاز کی رہائش گاہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مرحومہ کے اہلخانہ سے تعزیت، فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے لائبہ اعجاز کیس میں ہونے والی پیش رفت سے اہلخانہ کو آگاہ کیا اور کہا کہ لائبہ اعجاز کیس میں پوری ٹیم نے دن رات محنت کی، آپ سے کیا گیا وعدہ پورا کرنا ہمارا فرض تھا۔ مرحومہ لائبہ اعجاز کے والد نے وزیراعظم پاکستان اور وزیر داخلہ محسن نقوی سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ ریاست ماں جیسی ہوتی ہے، یہ سنا تھا، آج ہمیں یقین ہوگیا۔ اس موقع پر چیف کمشنر، آئی جی اسلام آباد اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

قیادت اس سے قبل بھی امریکا کے اقدامات اور معاہدوں سے متعلق اپنے تحفظات کا اظہار کرتی رہی ہے۔ تاہم اس بیان میں کسی نئے مذاکراتی دور یا معاہدے کی تاریخ کا اعلان نہیں کیا گیا۔ دوسری جانب امریکا نے ایران کے ساتھ جوہری مذاکرات تعطل کا شکار ہونے کے بعد مشرق وسطی میں مزید جنگی بحری جہاز اور ہزاروں فوجی تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ خلیج ٹائمز کے مطابق امریکی طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس تھیوڈور روزویلٹ اور بحری فوجیوں پر مشتمل یو ایس ایس میکن آئی لینڈ گروپ خطے میں تعینات کیا جارہا ہے۔ ان تعیناتیوں میں تقریباً 9 ہزار ملاح اور بحری فوجی شامل ہیں۔ اس اقدام کا مقصد خطے میں امریکی فوجی موجودگی برقرار رکھنا اور ممکنہ کارروائیوں کی صلاحیت بڑھانا ہے۔ امریکا کی جانب سے بحری جہاز اور فوجیوں کی تعیناتی اس کے بعد سامنے آئی ہے جب ایران نے اپنے افزودہ یورینیم کو بیرون ملک منتقل کرنے سے انکار کردیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

نکال لیا۔ وائرل ویڈیو کے مطابق ایک مرد اور خاتون ساحل پر چلتے ہوئے اپنی ویڈیو بنانے میں مصروف تھے کہ ان کے ساتھ موجود بچی اچانک پھسل کر ریت پر گرگئی، جس کے بعد سمندری لہروں نے اسے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ ویڈیو میں بظاہر جوڑا ریکارڈنگ میں مصروف دکھائی دیتا ہے۔ ویڈیو شیئر کرنے والی خاتون مریم کے دعوے کے مطابق ایک راہگیر نے صورت حال کی سنگینی کو بھانپتے ہوئے فوری طور پر بچی کو لہروں سے باہر نکال لیا۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے بچوں کی حفاظت کے حوالے سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ آیا سماجی ذرائع ابلاغ کے لیے ویڈیوز بنانے کی سرگرمیاں بچوں کی نگرانی پر اثرانداز ہورہی ہیں۔ بعض صارفین نے ویڈیو کو پہلے سے طے شدہ قرار دیا، تاہم واقعے کے مقام، تاریخ اور ویڈیو کی صداقت کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

جائے گی، تجاوزات میں ملوث کسی بھی انتظامی افسر کے خلاف کارروائی ہوگی۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اضاخیل میں ناقص گندم سے متعلق جے آئی ٹی رپورٹ موصول ہوچکی، وزیراعظم جلد پشاور کا دورہ کریں گے، 100 روزہ منصوبے سمیت دیگر پلانز کو حتمی شکل دی جارہی ہے، بعض جماعتیں معدنیات پر قبضے سے متعلق غلط خبریں اور تاثر پھیلا رہی ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ایمل ولی اور جماعت اسلامی کی قیادت سے خود ملاقاتیں کی ہیں، صوبائی ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہو چکا، جلد وفاقی کمیٹی کا اجلاس بھی بلایا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

دفاعی کمپنی کے خلاف کرپشن تحقیقات کے نتیجے میں 2 ہزار کروڑ روپے سے زائد مالیت کے 10 فوجی معاہدے سوالات کی زد میں آگئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کمپنی کی انتظامیہ نے تقریباً 500 کروڑ روپے کا معاہدہ حاصل کرنے کے لیے ایک سرکاری عہدیدار کو رشوت دی۔ جریدے کے مطابق زیر تفتیش کمپنی بھارتی فوج کو گولہ بارود، حملہ آور اور نگرانی کرنے والے ڈرونز سمیت حفاظتی آلات فراہم کرتی تھی۔ تحقیقات کے نتیجے میں فوجی معاہدے منسوخ ہونے کی صورت میں بھارتی فوج کو ہتھیاروں کی فراہمی میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ ایک سینئر بھارتی صحافی نے مودی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ مودی سرکار سیاسی مقاصد کے لیے نام نہاد فوجی طاقت کے نام پر سارا پیسہ کرپشن میں جھونک رہی ہے۔ دوسری جانب ان انکشافات نے بھارتی دفاعی اداروں میں بدعنوانی اور فوجی خریداری کے معاملات پر سوالات کھڑے کردیے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

شہری سے مبینہ طور پر پرس چھین کر فرار ہونے والے دو موٹر سائیکل سوار ملزمان میں سے ایک ہلاک اور دوسرا زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ایک کارسوار شہری نے ملزمان کا تعاقب کرتے ہوئے اپنی گاڑی موٹر سائیکل سے ٹکرادی، جس کے نتیجے میں دونوں ملزمان سڑک پر گر گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ سینٹرم شاپنگ مال کے قریب پیش آیا، جہاں دو مسلح موٹر سائیکل سوار ملزمان ایک شہری سے پرس چھین کر فرار ہونے لگے۔ اس دوران کار سوار شہری نے ان کا تعاقب شروع کردیا اور یوبی ایل کمپلیکس کے قریب اپنی گاڑی موٹر سائیکل سے ٹکرادی۔ حادثے کے نتیجے میں ایک مبینہ ڈاکو ہلاک جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا۔ واقعے کے بعد موقع پر موجود شہریوں نے بھی زخمی ملزم کو پکڑ لیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور دونوں ملزمان کو تحویل میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے شہری سے چھینا گیا پرس اور غیر قانونی اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے مزید قانونی کارروائی اور تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ ہونے والی 10 پروازیں منسوخ ہوگئیں، جس سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ منسوخ ہونے والی پروازوں میں کراچی سے دبئی جانے والی امیریٹس کی پرواز ای کے 609 اور ایئربلیو کی پرواز پی اے 110، جبکہ کوالالمپور جانے والی ایئر پلین کی پرواز ڈی 7 106 شامل ہیں۔ اسی طرح شارجہ جانے والی ایئر عربیہ کی پرواز جی 9 547 اور ریاض جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 610 بھی منسوخ کردی گئیں۔ کراچی سے اسلام آباد جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 678 اور ایئرسیال کی پرواز پی ایف 125، سیالکوٹ جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 820، جبکہ لاہور جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 844 اور پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی پرواز پی کے 306 بھی منسوخ ہونے والی پروازوں میں شامل ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

بلوچستان میں نئے صوبوں کی ضرورت ہے، تاہم نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے لیے وسیع تر اتفاق رائے ضروری ہے۔ انتظامی یونٹس بڑھانے سے عوامی مسائل فوری حل کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بلوچستان میں ڈویژنوں کی تعداد 8 سے بڑھا کر 12 کردی گئی ہے۔ قومی مباحثے سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ہمیں نئے صوبوں سے متعلق سنجیدگی سے سوچ کر فیصلہ کرنا ہوگا، میرا مشورہ ہے ڈویژن کی سطح پر نئے یونٹس بنادیں، انگریز کے بنائے گئے ڈویژن جغرافیائی لحاظ سے ایک بہترین نظام ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پوری ملک میں تقریباً 32 کے قریب ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنیں گے، آپ کو پولیس کا نظام بھی لوکل کرنا پڑے گا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں پولیس کا رویہ عوام سے بہتر ہے، جتنی شدت سے صوبوں کا مطالبہ ہے، اتنی ہی مخالفت بھی ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ مؤثر انتظامی نظام کے لیے پولیس کو بھی مقامی سطح پر منظم کرنا ہوگا، انہوں نے گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں پولیس کے عوام کے ساتھ رویے کا حوالہ بھی دیا۔ سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ نئے صوبے بنانے میں کوئی حرج نہیں اور آئین میں اس حوالے سے طریقہ کار موجود ہے، پاکستان کا اصل مسئلہ محض اختیارات کی منتقلی نہیں بلکہ انتظامی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا بھی ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ ملک کی تقریباً 25 کروڑ آبادی کے لیے 859 نمائندے ہیں، جبکہ ان کی تعداد ایک لاکھ تک ہونی چاہیے، انہوں نے بااختیار مقامی حکومتوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے عوام کو خدمات کی فراہمی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئین میں نئے صوبے بنانے کا طریقہ کار موجود ہے، نئے صوبے بنانا تقسیم نہیں، سروس ڈیلیوری کا مسئلہ ورٹیکل گیپ ہے، ملک کی دو اسمبلیاں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قرارداد منظور کرچکی ہیں۔ مسلم لیگ ن کے رہنما خرم دستگیر نے کہا کہ نئے صوبوں کی تشکیل کا عمل انتہائی اہم ہے، تاہم اس سے پہلے آبادی پر قابو پانے اور نئے انتظامی ڈھانچے کے لیے ضروری بنیادیں تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ مباحثے میں شرکا نے اس امر پر اتفاق رائے کی ضرورت پر زور دیا کہ انتظامی اصلاحات اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق فیصلے سوچ سمجھ کر کیے جائیں، تاکہ وسائل کی منصفانہ تقسیم، مقامی حکومتوں کے استحکام اور عوامی مسائل کے موثر حل کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

احسن لنجار کی زیر صدارت ہوا، جس میں کمیشن کی سفارشات اور ان پر عمل درآمد کے طریقہ کار کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیر بلدیات و ہاؤسنگ ٹاؤن پلاننگ ناصر حسین شاہ، وزیر محنت و انسانی وسائل سعید غنی، ایڈووکیٹ جنرل سندھ جواد ڈیرو اور ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ محمد اقبال میمن نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمیشن رپورٹ کے نتائج پر غور اور سفارشات پر عمل درآمد سے متعلق امور پر مشاورت کی گئی۔ وزیر داخلہ ضیا الحسن لنجار نے کہا کہ ذیلی کمیٹی اپنی سفارشات جلد از جلد وزیراعلیٰ سندھ کو پیش کرے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

کی نفری بڑھانے کی ہدایت کردی ہے۔ انہوں نے فش ہاربر میں مخصوص پولیس اسٹیشن قائم کرنے، نگرانی کے لیے سی سی ٹی وی نظام اور سیکیورٹی کنٹرول روم جلد مکمل کرنے اور سڑکوں سے غیرقانونی قبضے ختم کرانے کا حکم بھی دیا۔ وزیراعلیٰ سندھ کی زیرصدارت کراچی فش ہاربر کے مسائل سے متعلق اجلاس میں وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار، وزیر ماہی گیری محمد علی ملکانی، مشیر برائے کوآپریٹو اینڈ سوسائٹیز احسن مزاری، چیئرپرسن فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی فاطمہ مجید، سیکریٹری فشریز اینڈ لائیو اسٹاک کاظم جتوئی، سیکریٹری کوآپریٹو قمر رضا بلوچ، منیجنگ ڈائریکٹر کراچی فشش ہاربر اتھارٹی ریاض علی میتلو، منیجر فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی ایاز علی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کراچی فش ہاربر میں چوبیس گھنٹے کاروباری سرگرمیاں جاری رہتی ہیں اور روزانہ تقریباً 20 ہزار افراد کی آمدورفت ہوتی ہے، جن میں ماہی گیر، نیلامی کے ایجنٹ، مچھلی فروش، مزدور، ٹرانسپورٹرز، برف کے تاجر، سمندری خوراک کی تیاری و ترسیل سے وابستہ افراد اور غیرملکی شہری شامل ہیں۔ ٹریفک کا دباؤ اور غیر منظم تجارتی سرگرمیاں امن و امان کے مسائل میں اضافے کا سبب بن رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے ہدایت دی کہ فش ہاربر میں داخل ہونے والے تمام افراد کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے، رجسٹریشن قوانین پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور ہاربر استعمال کرنے والوں کے لیے ریڈیو فریکوئنسی شناختی نظام پر مبنی کارڈ متعارف کرائے جائیں۔ شناختی معلومات کی نادرا کے ذریعے تصدیق کی جائے اور فش ہاربر کا ڈیجیٹل نظام آن لائن موبائل ایپلی کیشن اور جرائم کے ریکارڈ کے نظام سے منسلک کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹرسائیکلیں برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شرافی گوٹھ پولیس نے ملیر بندی کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 45 سالہ جمیل کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے جناح اسپتال منتقل کردیا۔ نارتھ ناظم آباد کے بلاک اے میں پولیس مقابلے کے دوران محمد رشید نامی ملزم زخمی حالت میں گرفتار ہوا، جسے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔ ٹیپو سلطان پولیس نے بلوچ کالونی پل کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک زخمی سمیت تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ زخمی ملزم کی شناخت 25 سالہ غلام شبیر کے نام سے ہوئی، جبکہ دیگر دو ملزمان کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ خواجہ اجمیر نگری پولیس نے نارتھ کراچی سیکٹر 4 میں کارروائی کے دوران تین مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا، جن میں زخمی ملزم ریحان کو اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ طاہر اور سلمان کو تھانے منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور ایک موٹرسائیکل برآمد ہوئی۔ شارع نور جہاں پولیس نے نارتھ ناظم آباد کے بلاک یو میں مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کیا۔ زخمی ملزم حمزہ کو عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ دوسرے ملزم فرمان کو تھانے منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹرسائیکل برآمد ہوئی۔ ادھر محمود آباد پولیس نے ٹی پی ٹو کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 20 سالہ ربیع کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے جناح اسپتال منتقل کردیا، جبکہ حیدری مارکیٹ پولیس نے نارتھ ناظم آباد کے بلاک ایچ میں کارروائی کرتے ہوئے صفا اللہ نامی مبینہ ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا۔ پولیس کے مطابق تمام واقعات کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

مبینہ ڈاکو شہریوں کے ہتھے چڑھ گئے۔ تفصیلات کے مطابق نیو کراچی تھانے کے علاقے ناگن چورنگی صدیق اکبر مسجد کے قریب 2 مبینہ ڈاکو شہریوں کے ہتھے چڑھ گئے۔ مشتعل شہریوں نے مبینہ ڈاکوؤں کو لاتوں اور گھونسوں سے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا، جبکہ ایک ڈاکو موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی، پولیس نے دونوں ڈاکوؤں کو حراست میں لیکر تھانے منتقل کردیا۔ ایس ایچ او نیو کراچی فرخ شہریار کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ڈاکوؤں کی شناخت غلام مصطفیٰ ولد غلام حسین، نثار ولد اسحاق کے ناموں سے کی گئی۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے شہری سے چھینے جانے والا پرس، موبائل فون اور اسلحہ برآمد کرالیا گیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کا سابقہ ریکارڈ چیک کیا جارہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

کردی۔ کیس کے مقدمے میں مبینہ سہولت کار ملزم شوہر کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے ملزم شوہر اولیس کی درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے 50 ہزار کے مچلکے جمع کرانے اور ملزم کی رہائی کا حکم دے دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم اولیس متاثرہ خاتون اریج کا شوہر ہے، جس نے اپنے دوست بلال کو تیزاب پھینکنے کے لیے پیسے دیے تھے۔ تیزاب سے خاتون کی گردن جھلس گئی تھی، ملزم بلال عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہے، واقعے کا مقدمہ تھانہ لیاقت آباد میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

کا چولہا پھٹنے سے میاں بیوی جھلس کر زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بن قاسم ٹاؤن تھانے کی حدود میں پورٹ قاسم کے قریب واقع ایم ای سی سی نامی کیمیکل کمپنی میں ویلڈنگ کے دوران گیس بھرنے کے باعث بوائلر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا۔ حادثے میں 35 سالہ محمد سہیل ولد شاہ محمد جھلس کر جاں بحق ہوگیا، جبکہ 45 سالہ وحید شدید زخمی ہوگیا۔ دونوں کو امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ ایس ایچ او بن قاسم فیصل رفیق کے مطابق زخمی مزدور کو نجی اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ دوسرے واقعے میں ابراہیم حیدری تھانے کی حدود میں کورنگی نمبر 6، جمعہ گوٹھ میں پی پی اسپتال کے قریب ایک گھر میں مبینہ طور پر گیس کا چولہا پھٹنے سے میاں بیوی جھلس کر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں کی شناخت 19 سالہ مہک زوجہ اسماعیل اور 25 سالہ اسماعیل ولد مقبول حسین کے نام سے ہوئی ہے۔ دونوں کو سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل کردیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

نجی اسپتال منتقل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق واقعہ سعید آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کی بیرک کے کمرہ نمبر 33 میں پیش آیا، جہاں چھت کا پلستر اچانک گرنے سے دو خواتین اہلکار زخمی ہوگئیں۔ پولیس حکام نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ دونوں اہلکاروں کو معمولی چوٹیں آئیں۔ انہیں نجی اسپتال لے جایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد واپس بھیج دیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

اور لاہور کیلئے جدہ سے اضافی پروازیں چلائی جارہی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستانی مسافر مدد اور رہنمائی کیلئے قونصلیٹ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ خیال رہے کہ حوثی ملیشیا کے حملوں کے بعد 10 اکتوبر سے عارضی طور پر بند سعودی دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو محدود اور سخت ترین شرائط کے ساتھ فضائی ٹریفک کیلئے گزشتہ روز دوبارہ کھولا گیا ہے۔ سعودی عرب کی سول ایوی ایشن اتھارٹی کے جاری تازہ نوٹم کے مطابق ریاض ایئرپورٹ پر آمد اور روانگی کی پروازوں کیلئے ایوی ایشن اتھارٹی سے پیشگی اجازت لینا لازمی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

گیا۔ گرفتار ملزمان اسٹریٹ کرائم اور شہریوں سے موبائل فون چھیننے کی متعدد وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھے۔ پولیس کے مطابق رات گئے ٹیپو سلطان پولیس اور شاہین فورس نے بلوچ پل کے قریب رکشے میں سوار مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ کردی۔ پولیس کی جوابی فائرنگ کے بعد ایک ملزم زخمی حالت میں جبکہ دو دیگر کو بغیر زخمی ہوئے گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت غلام شبیر، تنویر اور رکشہ ڈرائیور سمیر ضمیر کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کا تعلق گولیانی گینگ سے ہے اور وہ گلستان جوہر، مبینہ ٹاؤن، بہادرآباد اور ملحقہ علاقوں میں وارداتوں میں ملوث رہے ہیں۔ پولیس حکام نے کہا کہ ملزمان رکشے میں مسافروں کو بٹھا کر لوٹتے اور انہیں سنسان مقامات پر چھوڑ کر فرار ہوجاتے تھے۔ ملزمان شاہ لطیف ٹاؤن سے گرفتار افراد اور سیکڑوں موبائل فونز کی برآمدگی سے متعلق مقدمے میں بھی مطلوب تھے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے تین غیر قانونی پستول، گولیاں، متعدد موبائل فونز اور نقدی برآمد کرلی، جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا رکشہ بھی تحویل میں لے لیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ دیگر ملزمان کو تھانے منتقل کرکے واقعے کے مقدمات درج اور مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

باپ اور بیٹے کے درمیان تلخ کلامی ہوئی، جس پر طیش میں آ کر لڑکے نے گھر میں موجود قینچی سے والد پر پے در پے وار کیے، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوکر دم توڑ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش تحویل میں لے کر قانونی کارروائی شروع کردی۔ پولیس نے فرار ہونے والے 14 سالہ ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کردیے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

شاہ کی زیر صدارت سی ایم ہاس میں سندھ کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں سندھ پبلک سروس کمیشن میں اصلاحات کی منظوری دی گئی۔ خبریں پڑھیں مشترکہ مسابقتی امتحان کے لیے عمر کی حد 30 سے بڑھا کر 33 سال کرنے، سی سی ای امتحان میں شرکت کے مواقع تین سے بڑھا کر پانچ کرنے اور سی سی ای 2026 کے اسکریننگ ٹیسٹ میں کامیابی کا کم از کم معیار 40 فیصد سے کم کرکے 33 فیصد کرنے کی منظوری دی گئی۔ سندھ کابینہ نے ایک پرچے پر مشتمل امتحانات کے لیے کمپیوٹرائزڈ ٹیسٹنگ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا، کمپیوٹرائزڈ امتحانات کے نتائج فوری طور پر پرنٹ کرنے کا نظام متعارف کرایا جائے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایس پی ایس سی کے انٹرویو کے نمبروں میں وفاقی پبلک سروس کمیشن کے تناسب کے مطابق نظر ثانی کی جائے گی۔ ایس پی ایس سی میں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت پر مبنی اصلاحات متعارف کرانے کی تجویز دی گئی، ایس پی ایس سی میں اصلاحات کے لیے کابینہ کی اصلاحاتی کمیٹی قائم کرنے کی تجویز دی گئی۔ احتجاج میں حصہ لینے والے امیدواروں کے خلاف انتقامی کارروائی نہ کرنے کی یقین دہانی سے متعلق تجویز دی گئی، انٹرویو کے دوران کسی امیدوار کو مبینہ طور پر نشانہ بنائے جانے کی صورت میں نظر ثانی کا طریقہ کار وضع کرنے کی تجویز دی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

خصوصیات پر روشنی ڈالی اور مختلف کیٹیگریز میں مقابلوں کے طریقہ کار اور شرکا کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ یہ ایونٹ 22 سے 25 اکتوبر 2026 تک منعقد ہوگا جس میں مردوں کے امیچر (54 ہولز)، خواتین کے امیچر (36 ہولز)، سینئرز (36 ہولز) اور جونیئرز کیٹیگری (18 ہولز) کے مقابلے شامل ہوں گے۔ اس کے علاوہ مہمانوں اور اسپانسرز کے لیے ایک دعوتی مقابلہ بھی منعقد کیا جائے گا۔ چیف آف دی نیول اسٹاف امیچر گولف کپ 2007 سے قومی گولف سرکٹ میں ایک نمایاں ایونٹ کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ یہ ایونٹ صحت مند مقابلوں کو فروغ دینے کا ایک پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے، جس سے پاکستان کا مثبت امیج اجاگر کرنے اور معاشرے میں صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینے کا موقع ملتا ہے۔ اس ایونٹ کا باقاعدہ انعقاد قومی اور بین الاقوامی سطح پر گالف کے فروغ کے لیے پاک بحریہ کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ افتتاحی تقریب میں اسپانسرز، گالف کھلاڑیوں اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

کرتے ہوئے بارڈر ہیلتھ سروسز کے سربراہ ڈاکٹر عابد شاہ سمیت تین افسران کو گرفتار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کے نوٹس پر ایف آئی اے اسلام آباد کی جانب سے کی گئی کارروائی کے دوران سابق سربراہ بارڈر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر غلام مصطفیٰ اور ڈاکٹر پرویت کمار کو بھی گرفتار کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ملزمان پر الزام ہے کہ حج وعمرہ زائرین کے لیے سستی ویکسین مہنگے داموں خریدی گئی۔ گرفتار افسران کو کراچی سے اسلام آباد منتقل کیا جارہا ہے، جہاں ان کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے ویکسین کی خریداری کے معاملے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

پر وکلا کے ابتدائی دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔ عدالت نے کہا کہ سماعت کا تحریری حکم نامہ آج ہی جاری کیا جائے گا۔ درخواست گزاروں میں ضمیر احمد سمیت 28 امیدوار شامل ہیں، جن کا مؤقف ہے کہ انہوں نے سندھ پبلک سروس کمیشن کے تحریری امتحان میں کامیابی حاصل کی تھی، تاہم انہیں انٹرویوز میں ناکام قرار دے دیا گیا۔ سماعت کے دوران جسٹس ریاضت علی ساہڑ نے استفسار کیا کہ جب معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں زیر سماعت ہے تو کمیشن نے انٹرویوز کیسے کرلیے؟ عدالت نے ریمارکس دیے کہ ہائیکورٹ نے 2024ء [illegible] کے تحریری امتحان کے نتائج روک دیے تھے، تاہم بعدازاں وفاقی آئینی عدالت نے ہائیکورٹ کے احکامات معطل کردیے۔ عدالت نے سوال اٹھایا کہ اگر وفاقی آئینی عدالت نے تحریری امتحان کے نتائج منسوخ کردیے تو انٹرویوز کی حیثیت کیا ہوگی؟ جسٹس ریاضت علی ساہڑ نے درخواست گزاروں کے وکیل راج علی واحد سے کہا کہ وہ وفاقی آئینی عدالت میں دائر درخواست واپس لیں، بصورت دیگر ہائیکورٹ حکم امتناع جاری کرکے معاملے کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کرسکتی ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل سندھ نے عدالت سے استدعا کی کہ وکلا کو سن کر فیصلہ کیا جائے۔ اس پر عدالت نے کہا کہ پہلے وفاقی آئینی عدالت میں زیر سماعت درخواست واپس لی جائے، پھر معاملے پر فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔ دوسری جانب سندھ پبلک سروس کمیشن کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ یہ امیدوار پہلے تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے تھے اور ان کی کامیابی کو بھی عدالت میں چیلنج کیا گیا تھا، تاہم اب یہی امیدوار انٹرویوز میں بے ضابطگیوں کی شکایت کررہے ہیں۔ واضح رہے کہ تحریری امتحان کے نتائج اور ہائیکورٹ کے سابقہ احکامات سے متعلق معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں زیر سماعت ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

کرائم میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں ایس ایس پی میرپور خاص ساجد امیر سدوزئی، ایس ایس پی عمرکوٹ سہائی عزیز ٹالپر، ایس پی تھرپارکر عارف عزیز اور میرپور خاص رینج کے تمام ڈی ایس پیز/ایس ڈی پی اوز نے شرکت کی۔ میٹنگ میں تمام ایس ڈی پی اوز سے ان کے متعلقہ سب ڈویژنز کی سطح پر کارکردگی اور ورکنگ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ بالخصوص اہم جرائم قتل، کاروکاری، ڈکیتی، رہزنی، ویکل سنیچنگ اور اسٹریٹ کرائم کی صورتحال، مقدمات کی پیش رفت اور ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سنگین مقدمات میں اہم جرائم قتل، کاروکاری، ڈکیتی اور رہزنی کے مفرور اور اشتہاری ملزمان (Absconders/POs) کی گرفتاری کے لیے جاری کارروائیوں کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے مزید مؤثر اقدامات کی ہدایت کی گئی۔ اسی طرح منشیات (Narcotics) اور گٹکا/ماوا کے خلاف جاری کارروائیوں اور تازہ ترین صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی آئی جی پی نے منشیات اور گٹکا/مضر صحت اشیا کے کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی۔ غیر قانونی افغان شہریوں کے خلاف قانون کے مطابق جاری کارروائیوں کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو حکومتی پالیسی پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ ڈی آئی جی پی میرپور خاص رینج نے افسران کو ہدایت کی کہ جرائم کی روک تھام، مطلوب ملزمان کی گرفتاری اور منشیات وگٹکا ماوا مافیا کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے، جبکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے تمام ضلعی پولیس سربراہان اور ڈی ایس پیز/ایس ڈی پی اوز کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشی میں ملوث افراد، بالخصوص لسٹڈ ملزمان کے خلاف بلاامتیاز مؤثر قانونی کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، منشیات کے نیٹ ورکس کا خاتمہ یقینی بنایا جائے اور منشیات کے مکروہ کاروبار کے مکمل سدباب کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے۔ ڈی آئی جی میرپور خاص رینج نے مزید ہدایت کی کہ پولیس کارکردگی، نگرانی اور جوابدہی کے نظام کو مزید مؤثر بناتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور معاشرے کو جرائم و منشیات سے پاک کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

نے احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) کی تشکیل کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ کیا جائے گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میر حسین نے جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ کا خیر مقدم کیا اور انصاف کی فراہمی کے لیے کردار ادا کرنے پر وزیراعلیٰ سندھ، فریال تالپور اور متعلقہ جج کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

صرف 5 روز میں عوام کی جیبوں سے ایک ارب 40 کروڑ روپے سے زائد ہڑپ کرلیا۔ ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عرفان کھوکھر کے مطابق پاکستان میں 60 سے 65 ہزار کلوگرام ایل پی جی روزانہ استعمال ہورہی ہے اور موسم کی تبدیلی کی وجہ سے ایل پی جی کی کھپت میں اضافہ ہورہا ہے اور 70 ہزار کلوگرام تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایل پی جی کی قیمت اوگرا نے 280 روپے فی کلوگرام مقرر کی ہے جبکہ 600 سے سوا 600 روپے کلوگرام تک فروخت ہورہی ہے، عوام فی کلو گرام 320 روپے زائد قیمت ادا کرکے ایل پی جی خرید رہے ہیں اور اس حساب سے ایک ارب 40 کروڑ روپے سے زائد رقم عوام ادا کرچکے ہیں اور یہ رقم صرف پانچ روز میں ایل پی جی مافیا کی جیبوں میں چلی گئی۔ اداروں کی موجودگی میں حیران کن طور پر 5 روز سے ایل پی جی مافیا من مانی قیمت پر فروخت کررہا مگر اوگرا نے چپ سادھ رکھی ہے اور ابھی تک کسی بھی پلانٹ والے کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی۔ اوگرا ذرائع کے مطابق دوروز سے صرف اس بات پر میٹنگ ہوتی ہے کہ ان کے خلاف کارروائی کون کرے گا، اوگرا صرف ایل پی جی مارکیٹنگ کمپنیوں اور پلانٹس والوں کے خلاف کارروائی کرنے کی مجاز ہے مگر اب تک ایک بھی پلانٹس کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی جبکہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں پیرا فورس نے 10 سے زائد دکان داروں کے خلاف کارروائی کی۔ دکان داروں نے کہا کہ ہمارا کیا قصور ہے ایل پی جی مافیا ہمیں 550 روپے دے رہا ہے 280 روپے کیسے فروخت کریں، فورس آتی ہے ہمارے گیس بھرنے والے آلات لے جاتی ہے اور جرمانے الگ کرتے ہیں، ہم مجبور ہو چکے ہیں کہ کاروبار بند کردیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

روشم خان کے قتل کیس میں تفتیشی ٹیم تبدیل کرنے سے متعلق مقتول کے والد کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی کراچی کو ڈی ایس پی رینک کے افسر کو نیا تفتیشی افسر مقرر کرنے کا حکم دے دیا۔ سماعت کے دوران تفتیش میں سامنے آنے والی خامیوں پر سوالات اٹھائے گئے۔ عدالت کے مطابق تفتیشی افسر کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ دو ملزمان دلاور عرف طارق اور رضوان عرف آصف کو شواہد نہ ہونے کی بنیاد پر رہا کیا گیا، جبکہ پولیس نے مدوات اور شیر خان کو مقدمے میں گرفتار کیا ہے۔ عدالت کے مطابق پولیس نے ملزمان سے برآمد ہونے والے ہتھیاروں اور جائے وقوعہ سے ملنے والے خول کو فرانزک معائنے کے لیے نہیں بھیجا، حالانکہ ہتھیاروں اور خول کا موازنہ ملزمان کو جرم سے منسلک کرنے میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ مدعی مقدمہ کو مشتبہ افراد کی رہائی اور دیگر ملزمان کی گرفتاری سے آگاہ نہ کرنا بھی تشویش ناک قرار دیا گیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ملزمان کی شناخت سائنسی شواہد کا متبادل نہیں اور ریکارڈ پر آنے والی خامیوں کے باعث شواہد کا ازسرنو جائزہ ضروری ہے۔ درخواست گزار کے وکیل کے مطابق پولیس کی وردی میں ملبوس ملزمان نے گھر میں ڈکیتی کے دوران فائرنگ کرکے روشم خان کو قتل کیا تھا۔ ابتدائی تفتیشی افسر کی تبدیلی کے باوجود مقدمے میں خاطر خواہ پیش رفت نہیں ہوئی اور اہل خانہ کو مقامی پولیس کی تفتیش پر اعتماد نہیں۔ وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ تفتیشی ٹیم اصل ملزمان کو تحفظ دے رہی ہے، جبکہ اعلیٰ پولیس حکام کو درخواستیں دینے کے باوجود مؤثر کارروائی نہیں کی گئی۔ واضح رہے کہ روشم خان سات اور آٹھ ستمبر کی درمیانی شب منگھوپیر کے علاقے گرین سٹی میں اپنے گھر کے اندر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہوا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

نے وضاحت کی ہے کہ والدہ کا شناختی کارڈ موجود نہ ہونے کی صورت میں بچے کے ب فارم کے اجرا کا طریقہ اس بات پر منحصر ہے کہ والدہ کا شناختی کارڈ پہلے جاری ہو چکا ہے یا کبھی بنا ہی نہیں۔ نادرا کے ترجمان سید شباہت علی نے پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اگر والدہ کا شناختی کارڈ بن چکا ہے لیکن اس وقت ان کے پاس موجود نہیں تو بچے کے ب فارم کے اجرا میں لازماً کوئی بڑی رکاوٹ نہیں ہوگی۔ ایسی صورت میں والدہ کا شناختی کارڈ نمبر یا بائیومیٹرک تصدیق، یعنی فنگر پرنٹ کے ذریعے شناخت کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر والدہ کا شناختی کارڈ کبھی جاری ہی نہیں ہوا تو بچے کے ب فارم کے اجرا میں مشکلات پیش آسکتی ہیں، کیونکہ اس عمل کے لیے خاندانی ریکارڈ اور متعلقہ دستاویزات کا مکمل ہونا ضروری ہے۔ نادرا حکام کے مطابق بعض صورتوں میں والدہ کا شناختی کارڈ نہ بننے کے باعث والدین کی شادی کا اندراج بھی ریکارڈ میں موجود نہیں ہوتا اور خاندان کا شناختی نمبر بھی جاری نہیں ہوا ہوتا، جس سے بچے کی رجسٹریشن میں دشواری پیش آسکتی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

سماعت ہوئی۔ وکیل صفائی بیرسٹر میاں علی اشفاق نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ملزم نے نہ کسی دہشت گردی کو فروغ دیا اور نہ ہی کسی کالعدم تنظیم کی تعریف یا تشہیر کی، بلکہ صرف گورنر راج کے معاملے پر بات کی۔ سماعت کے دوران سائبر کرائم کے تفتیشی افسر کی عدم حاضری کے باعث عدالتی کارروائی کچھ دیر کے لیے مؤخر کردی گئی۔ اقرار الحسن عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

والے ملزم کی مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاکت نے سوشل میڈیا پر ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ بعض صارفین نے اس واقعے کو فوری انصاف قرار دیتے ہوئے سراہا، جبکہ صحافیوں اور دیگر افراد نے ماورائے عدالت ہلاکتوں، پولیس کی تفتیش اور عدالتی نظام کی کارکردگی پر سوال اٹھائے ہیں۔ پنجاب کے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ نے بدھ کو اطلاع دی کہ توقیر نذیر نامی ایک ملزم منتقلی کے دوران فرار ہوا اور بعدازاں پولیس مقابلے کے دوران مارا گیا۔ توقیر پر الزام تھا کہ اس نے منگل کو ایک 15 سالہ یتیم بچے وسیم کو گاڑی کے نیچے روند کر مار ڈالا تھا۔ وسیم عباس اور اس کو قیر نذیر کی موت کی خبروں نے فوری عوامی توجہ حاصل کی۔ جس کے بعد سوشل میڈیا پر ملا جلا ردعمل سامنے آیا۔ جاوید بجرانی نامی ایکس صارف نے لکھا کہ طریقہ تو غلط ہے مگر عوام کو اس خبر سے بہت سکون ملا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے ماورائے عدالت قتل کو سنگین جرم قرار دیا اور کہا کہ عوامی جذبات فوری انصاف کے طالب تھے۔ اسی طرح سپریم کورٹ کے وکیل تبسم غضنفر نے ملزم توقیر کی ہلاکت پر ردعمل دیتے ہوئے اسے تیز ترین لیکن غیر صحیح انصاف قرار دیا اور لکھا کہ وسیم عباس کا واقعہ ان کے لیے انتہائی تکلیف دہ تھا اور وہ دو راتیں سو نہیں سکیں۔ اسی طرح ن لیگی حامی رانا یوسف نون نے لکھا، الحمدللہ کلیجے کو ٹھنڈک پڑگئی، یہ پنجاب ہے یہاں موقع پر انصاف ہوتا ہے۔ دوسری جانب پنجاب میں سی سی ڈی کے کردار کو بھی سراہا گیا۔ عاصم سلیم عباسی نامی ایکس صارف نے کہا کہ اگر کوئی طاقتور شخص ظلم کرنے سے پہلے سوچے تو اسے بتایا جائے کہ پنجاب میں سی سی ڈی موجود ہے۔ انہوں نے سی سی ڈی بنانے کے فیصلے کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے منسوب کرتے ہوئے اسے سراہا۔ دوسری جانب بعض صحافیوں نے ماورائے عدالت ہلاکتوں کو انصاف کی فراہمی کے نظام کے لیے ایک سنجیدہ سوال قرار دیا۔ صحافی زاہد گشکوری نے لکھا کہ ایک ہی رات میں پیش آنے والے دو واقعات نے عدالتی اور پولیس کی تفتیش کے نظام پر سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ ان کے مطابق لائبہ اعجاز کے کیس کے ملزم اور وسیم عباس کے قتل کے مبینہ ملزم کی ہلاکتوں کے بعد یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ معاشرہ اور ادارے کس سمت جارہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

جس میں بتایا گیا ہے کہ عدالتی حکم پر تین مرتبہ قبضہ ختم کرانے کی کوشش کی گئی، تاہم پولیس اور مختیار کار کے عدم تعاون کے باعث زمین واگزار نہیں کرائی جاسکی۔ رپورٹ کے مطابق پولیس نے مؤقف اختیار کیا کہ نفری دستیاب نہیں، جس کے باعث کارروائی مکمل نہ ہوسکی۔ درخواست گزار نے مؤقف اپنایا تھا کہ عدالتی حکم کے باوجود پولیس نے زمین کا قبضہ ختم نہیں کرایا۔ ایک ماہ قبل پولیس نے مبینہ طور پر قبضہ کرنے والے ملزمان کو گرفتار کیا تھا، تاہم پولیس کی ملی بھگت سے قبضہ گروپ نے دوبارہ تعمیراتی سرگرمیاں شروع کردیں۔ واضح رہے کہ ملیر سیشن عدالت نے تقریباً 10 روز قبل ضلعی انتظامیہ کو متنازع اراضی واگزار کرانے کی ہدایت جاری کی تھی۔ عدالت نے اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر شرقی، اسسٹنٹ کمشنر گلزار ہجری اور مختیار کار کو بھی نوٹس جاری کیے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

جمہوریت پاکستان پیپلز پارٹی کی اولین ترجیحات ہیں، ملک کی سلامتی اور استحکام کے لیے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر قومی مفادات کو مقدم رکھنا ہوگا۔ خیبر پختونخوا کے بعض علاقوں میں حالات اس نہج پر پہنچ چکے تھے کہ ہنگامی اقدامات ناگزیر ہوگئے تھے۔ وہ گورنر راج کے حق میں نہیں، تاہم موجودہ حالات میں غیر معمولی اقدامات پر غور کرنا پڑا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کے جوان، پولیس اہلکار اور معصوم شہری قربانیاں دے رہے ہیں، پوری قوم کو سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے اور دشمن عناصر ملک کو اندرونی طور پر کمزور کرنے کی سازشیں کررہے ہیں، اس لیے قومی اداروں اور عوام کے درمیان فاصلے پیدا کرنے کے بجائے اتحاد کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں معدنیات کے نام پر منافرت پھیلانے سے گریز کیا جائے اور قومی وسائل کو ترقی کے لیے استعمال کیا جائے۔ ان کا الزام تھا کہ دہشت گردی کے واقعات میں بیرونی سازشوں، بھارت کی پراکسیز اور افغانستان سے دہشت گردوں کو ملنے والی حمایت کے معاملات سامنے آتے رہے ہیں۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان سمیت تمام اپوزیشن رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ پاکستان کو مقدم رکھیں، کیونکہ سیاسی اختلافات بعد میں بھی جاری رہ سکتے ہیں، لیکن قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کی حامی رہی ہے۔ ماضی میں بھی پارٹی نے قومی مفاد کے لیے اپنی حکومت کے خلاف گورنر راج کا فیصلہ کیا تھا۔ وفاقی ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے وزیر بلدیات سندھ نے کہا کہ سندھ اور بالخصوص کراچی کو وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ان کا جائز حصہ نہیں مل رہا، 2013ء سے 2018 تک وفاقی ترقیاتی پروگرام میں سندھ کا حصہ صرف دو سے تین فیصد رہا، جبکہ عمران خان کی جانب سے کراچی کے لیے 1100 ارب روپے کے پیکیج کا اعلان بھی ان کے بقول عملی شکل اختیار نہ کرسکا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کا معاشی مرکز ہے اور اس کے مسائل حل کرنے کے لیے اعلانات کے بجائے عملی اقدامات اور مناسب فنڈز کی فراہمی ضروری ہے۔ محدود وفاقی تعاون کے باوجود سندھ حکومت ترقیاتی منصوبوں پر کام کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ مراد علی شاہ، بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق صوبے کی ترقی کے لیے اقدامات کررہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ عالمی بینک، ایشیائی ترقیاتی بینک اور دیگر عالمی ادارے سندھ میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے معاونت فراہم کررہے ہیں، جبکہ صوبائی حکومت سرکاری و نجی شعبے کی شراکت داری کے تحت بھی منصوبوں کو آگے بڑھا رہی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی سیاست پر تبصرہ کرتے ہوئے سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کی مقبولیت سے انکار نہیں، تاہم سیاسی جماعتوں کو آئینی اور قانونی طریقہ کار کے مطابق جدوجہد کرنی چاہیے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

لینے کا حکم دیا گیا ہے۔ سندھ اسمبلی کی پبلک اکائونٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین نثار کھوڑو کی زیرصدارت ہوا جس میں ڈاؤ یونیورسٹی کے مالی سال 2024 اور 2025 کے آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی ارکان قاسم سومرو، مخدوم فخر الزمان، ڈاؤ یونیورسٹی کی وائس چانسلر نازلی حسین اور دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ پی اے سی کے اعلامیے کے مطابق ڈاؤ یونیورسٹی کے مجموعی طور پر 5 ہزار 350 ملازمین میں سے اب تک صرف ایک ہزار 945 کی تعلیمی ڈگریوں کی تصدیق کرائی گئی جن میں سے 27 ملازمین کی ڈگریاں جعلی ثابت ہوئیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ یونیورسٹی انتظامیہ اب تک 3 ہزار 400 ملازمین کی ڈگریوں کی ہائر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق نہیں کراسکی۔ یونیورسٹی کے ڈائریکٹر فنانس نے کمیٹی کو بتایا کہ ملازمین کی ڈگریوں کی تصدیق کے لیے ایچ آر ایس جی کمپنی کے ساتھ 73 لاکھ 60 ہزار روپے کا معاہدہ کیا گیا ہے، جس کے تحت عمل آؤٹ سورس کیا گیا۔ پی اے سی نے جعلی ڈگریوں کے حامل 27 ملازمین سے تمام تنخواہیں واپس لینے کا حکم دیتے ہوئے سندھ کی تمام سرکاری جامعات سے تدریسی عملے اور دیگر ملازمین کی تعلیمی اسناد کی تصدیق سے متعلق رپورٹ بھی طلب کرلی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

کورنگی ساڑھے تین نمبر پر گھر کے باہر کھڑے دو افراد کو اسلحے کے زور پر لوٹا تھا۔ واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں موٹرسائیکل سوار مسلح ملزمان کو شہریوں سے لوٹ مار کرکے فرار ہوتے دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے دونوں سگے بھائیوں کیلس اور کینس کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، موبائل فون اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق مدعی مقدمہ نے گرفتار ملزمان کو شناخت کرلیا ہے، جبکہ واردات میں ملوث ان کا تیسرا ساتھی اسماعیل بنگالی تاحال گرفتار نہیں ہوسکا۔ ایس ایچ او زمان ٹاؤن سید عدنان بخاری کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے، جبکہ فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

راست درخواست کے بعد رہا کیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ امریکی شہری کی رہائی میری درخواست پر عمل میں آئی ہے۔ اسٹیفن ہوبارڈ کو 4 سال پہلے بائیڈن انتظامیہ کے دور میں روس میں پکڑا گیا تھا۔ اسٹیفن ہوبارڈ کی رہائی کے بدلے امریکا کو کچھ نہیں دینا پڑا، نہ ہی قیدیوں کا کوئی تبادلہ ہوا۔ بائیڈن انتظامیہ روسی حکومت سے مذاکرات میں اس معاملے کو حل کرنے میں ناکام رہی تھی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

فریب شہری سے پرس چھین کر فرار ہونے والے دو مبینہ ڈاکوؤں کو تعاقب کے دوران کارسوار شہری نے گاڑی کی ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں دونوں موٹرسائیکل سے گر کر زخمی ہوگئے۔ واقعے کے بعد موقع پر موجود افراد نے بھی دونوں ملزمان کو تشدد کا نشانہ بنایا اور پولیس کے حوالے کردیا۔ پولیس کے مطابق دو مسلح ملزمان نے سینٹرم شاپنگ مال کے قریب شہری سے پرس چھینا اور موقع پر فرار ہونے لگے۔ متاثرہ شہری نے ان کا تعاقب کیا اور یو بی ایل کمپلیکس کے قریب اپنی کار ان کی موٹرسائیکل سے ٹکرا دی، جس کے باعث دونوں سڑک پر گر کر زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق دونوں ملزمان زندہ ہیں، انہیں تحویل میں لے کر تھانے منتقل کردیا گیا ہے۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، شہری سے چھینا گیا پرس اور دیگر سامان بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں، جبکہ کار سوار شہری، عینی شاہدین کے بیانات اور سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے واقعے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

میں خصوصی پوجا اور آرتی کا اہتمام کیا گیا۔ عقیدت مندوں نے مندروں میں پرساد چڑھایا اور ملک میں امن، سلامتی اور خوشحالی کے لیے دعائیں مانگیں۔ اس موقع پر پاکستان کا قومی پرچم بھی لہرایا گیا۔ ہندو مذہبی روایات کے مطابق وجے دشمی نیکی کی بدی پر فتح کی علامت ہے۔ یہ دن ماتا درگا کی مہیشاسر پر فتح اور بھگوان رام کی راون پر فتح کی یاد میں منایا جاتا ہے، اسی مناسبت سے اسے دسہرہ بھی کہا جاتا ہے۔ رام ناتھ مہاراج نے اس موقع پر کہا کہ نوراتری اور دسہرہ کا تہوار نیکی کی بدی پر فتح کا پیغام دیتا ہے۔ دسویں روز مذہبی رسومات کی ادائیگی کے بعد بعض مقامات پر ماتا درگا کی مورتیوں کے جلوس نکالے گئے اور انہیں سمندر میں وسرجن کیا گیا۔ نوراتری کے دوران گربا اور ڈانڈیا رقص کی تقریبات بھی منعقد ہوئیں، جن میں روایتی لباس، موسیقی اور اجتماعی رقص کے ذریعے ہندو برادری نے اپنی مذہبی اور ثقافتی روایات کا اظہار کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

کی چین اور ایک موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ ترجمان ضلع ملیر پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت شعیب حسین، اچھر خان اور حفیظ اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے چوری شدہ لوہے کی پلیٹیں اور موٹر سائیکل تحویل میں لے لی ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم شعیب حسین کے خلاف تھانہ بن قاسم میں منشیات سے متعلق دو مقدمات درج ہیں، جبکہ ملزم اچھر خان کے خلاف تھانہ دھابیجی، بن قاسم اور گڈاپ سٹی میں مختلف دفعات کے تحت پانچ مقدمات درج ہیں۔ ترجمان ضلع ملیر پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ قانونی دفعات کے تحت مقدمات درج کرکے مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ میر رضا کیس سندھ پولیس کے لیے بھی ایک سبق ہے کہ آئندہ کسی معاملے میں عجلت کے بجائے مکمل اور شفاف تحقیقات کی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور ذمہ داروں کو سزا دلوائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پولیس نے دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ اور بھتہ خوری سمیت متعدد سنگین مقدمات حل کیے ہیں، اس لیے کسی ایک فرد کی کوتاہی کی بنیاد پر پورے محکمے کو موردِ الزام ٹھہرانا مناسب نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ کابینہ کے فیصلے کے تحت میر رضا کیس میں جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا گیا تھا، جس کی رپورٹ کابینہ کے گزشتہ اجلاس میں پیش کی گئی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے رپورٹ کا جائزہ لینے کے لیے تین سینئر وزرا ضیا الحسن لنجار، سعید غنی اور ناصر حسین شاہ پر مشتمل کمیٹی قائم کردی ہے، جو اپنی سفارشات کابینہ کے سامنے پیش کرے گی۔ کراچی کے ترقیاتی منصوبوں اور ٹرانسپورٹ کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ اورنج لائن منصوبہ تیار ہے، جبکہ ریڈ لائن منصوبے کے تحت یونیورسٹی روڈ پر تعمیراتی کام کا مشکل مرحلہ مکمل ہوچکا ہے۔ اب اسٹیشنز اور ڈپو تعمیر کیے جائیں گے، تاہم تجاوزات کے مسائل موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یلو لائن منصوبے پر کام شروع ہونا ہے اور اس دوران ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کا خدشہ ہے، جس پر شہریوں سے پیشگی معذرت خواہ ہیں۔ جام صادق پل کا دوسرا حصہ بھی جلد مکمل ہوجائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈیڑھ سال کی مشکلات کے بعد شہریوں کو طویل مدت کے لیے سفری سہولتیں میسر آئیں گی اور بی آر ٹی منصوبوں کے ذریعے کراچی کے مختلف علاقوں کو باہم مربوط کیا جائے گا۔ سینئر وزیر نے کہا کہ گرین لائن وفاقی حکومت کا منصوبہ تھا، جو سندھ حکومت کے حوالے کیے جانے کے بعد مزید مسافروں کے لیے سہولت کا ذریعہ بنا، جبکہ اورنج، ریڈ اور یلو لائن منصوبے صوبائی حکومت کے تحت جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نومبر میں بڑی تعداد میں ڈبل ڈیکر بسیں کراچی پہنچیں گی، خواتین کے لیے پنک بسیں چلائی جارہی ہیں اور انہیں مفت پنک اسکوٹیز بھی فراہم کی جارہی ہیں۔ شرجیل میمن کے مطابق ایک سال قبل پورے سندھ میں موٹر سائیکل چلانے کے لائسنس رکھنے والی خواتین کی تعداد 125 تھی، جبکہ اب 50 ہزار خواتین لائسنس کے لیے درخواست دے چکی ہیں اور 25 ہزار سے زائد کو لائسنس جاری کیے جاچکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ کی ہدایت پر صوبے میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ شاہراہ بھٹو، کراچی پورٹ سے کورنگی تک سڑک کی تعمیر اور ناردرن بائی پاس کے قریب ٹرک اسٹینڈ کا قیام بھی ان منصوبوں میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پانی کو صاف کرکے قابل استعمال بنانے کا منصوبہ شروع ہوچکا ہے، جبکہ کراچی میں صفائی کا مسئلہ تقریباً 95 فیصد حل کیا جاچکا ہے، تاہم شہر کی وسعت کے باعث مزید بہتری کے لیے وقت درکار ہوگا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

سرکاری و نجی املاک کو نقصان پہنچانے کے واقعات کے بعد حکومت نے ہفتے کو ہونے والے مزید احتجاج سے نمٹنے کے لیے پولیس کے ساتھ فوج تعینات کرنے اور بڑے پیمانے پر سیکیورٹی آپریشن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم سیباستیاں لیکورنو نے گزشتہ ہفتے ہونے والے ہنگاموں پر قابو پانے میں حکومتی ناکامیوں کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوری ترجیح امن وامان بحال کرنا ہے۔ فرانس کے وزیر داخلہ لاراں نونیز نے پارلیمان میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہفتے کو پولیس کے ساتھ فوج بھی تعینات کی جائے گی۔ حکومت نے بڑے شہروں میں سیکیورٹی انتظامات پر نظرثانی اور ہنگاموں سے نمٹنے کے طریق کار میں تبدیلی کا بھی وعدہ کیا ہے۔ گزشتہ ہفتے کے تشدد کے دوران پیرس، مارسیلے، لیون اور دیگر شہروں کے مرکزی علاقوں میں لوٹ مار کے واقعات پیش آئے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

شہریوں کے تحفظ کے لیے پیشہ ورانہ صلاحیتوں، نظم و ضبط اور جسمانی فٹنس کو برقرار رکھتے ہوئے مقررہ ضابطہ کار پر عمل کریں۔ 21 اکتوبر کو ضلع ملیر پولیس ہیڈکوارٹر کے دورے کے موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ایسٹ اور ایس ایس پی ملیر بھی موجود تھے۔ ایس ایس پی ملیر نے شاہین فورس کی تعیناتی، کارکردگی، گشت اور جرائم کی روک تھام کے اقدامات پر بریفنگ دی، جبکہ ایڈیشنل آئی جی نے کنٹرول روم کا معائنہ بھی کیا۔ شاہین فورس کے اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے آزاد خان نے اعلان کیا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے جوانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ماہ ''شاہین آف دی منتھ'' کا اعزاز اور انعام دیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اہلکار شہریوں کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔ بعدازاں ایڈیشنل آئی جی کراچی نے ڈی آئی جی ایسٹ اور ایس ایس پی ایسٹ کے ہمراہ ضلع شرقی میں سہراب گوٹھ کے قریب جمالی پل کے مقام پر بلڈرز کمیونٹی کے تعاون سے قائم زمان شہید پولیس چوکی کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نئی پولیس چوکی کے قیام سے علاقے میں پولیس کی موجودگی، فوری کارروائی اور جرائم کی روک تھام میں بہتری آئے گی۔ شاہین فورس کی مؤثر تعیناتی اور گشت کے ذریعے ان مقامات پر بھی شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا جہاں ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے باعث پولیس موبائل کی رسائی مشکل ہوتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر پولیس افسران کے درمیان شیلڈز کا تبادلہ بھی ہوا۔